هُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ

انوار الوحدت

مصنف

صوفی محمد انور قادری گوجرہ

ناشر

مکتبہ رحمانیہ نزد لطیف ہائی سکول
(دار السلام
ٹوبہ ٹیک سنگھ)

موبائل شاپ

هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ

انوار الوحدت

مصنف

صوفی محمد انور قادری محلہ گڈا خانہ گوجرہ

ناشر

مکتبہ رحمانیہ نزد لطیف ہائی سکول (دار السلام) ٹوبہ ٹیک سنگھ۔

مکتبہ غوثیہ قادریہ الفیصل بازار گوجرہ

نام ——— انوار الوحدت

مصنف ——— صوفی محمد انور قادری

ناشر ——— مکتبہ رحمانیہ دارالسلام، ٹوبہ ٹیک سنگھ

بارسوم ——— جنوری ۱۹۸۹ء

تعداد ——— ایک ہزار

قیمت ——— ۶۵ روپے 75/-

کتابت ——— عبدالحمید شیرازی گوجرہ

پتے

مکتبہ غوثیہ قادریہ گوجرہ۔ بشیر بکڈپو گوجرہ

مکتبہ نبویہ۔ مکتبہ نوریہ رضویہ گنج بخش روڈ لاہور

نوری بکڈپو۔ چشتی کتب خانہ۔ علی برادران۔ فیصل آباد

گوشۂ ادب۔ ہمدرد کتب خانہ اینڈ سپورٹس۔ ٹوبہ ٹیک سنگھ

Scanned with CamScanner

فہرست مضامین

مضامین	صفحہ
پیش لفظ	۵
حمد	۷
ہو الکل	۸
شرح ہو الکل	۹
دربیان وجود مطلق	۲۱
شرح دربیان وجود مطلق	۲۲
دربیان وجود کائنات	۲۳
شرح دربیان وجود کائنات	۲۵
تنزلات ستہ مرتبہ اول احدیت	۳۶
شرح المرتبۃ الاول احدیت	۳۷
المرتبۃ الثانی وحدت حقیقت محمدیہ	۳۹
شرح مرتبہ ثانی وحدت .	۵۰
المرتبۃ الثالث واحدیت	۵۰
شرح المرتبۃ الثالث واحدیت	۵۱
المرتبۃ الرابع روح	۵۲
شرح مرتبہ چہارم روح	۵۳
المرتبۃ الخامس عالم مثال	۵۳
المرتبۃ السادسہ عالم اجسام	۵۵

مضامین	صفحہ
شرح مرتبہ ششم	۵۶
المرتبۃ السابعہ انسان کامل	۵۶
دربیان شیخ کامل	۵۷
دربیان وسیلہ نفی و اثبات	۶۰
فی الصورۃ الشیخ الکامل	۶۷
حضرت مولانا رومؒ کا فرمان	۶۷
حضرت گل حسن شاہ رح	۶۸
حضرت خواجہ احمد جامؒ زندہ پیل	۶۹
حضرت سلیمان تونسویؒ	۷۰
پیر مہر علی شاہ گولڑویؒ	〃
حضرت نیاز احمد بریلوی رح	۷۱
حضرت امام غزالی رح	〃
شیخ روزبہان بقلی شیرازی	۷۲
حضرت شیخ اسمٰعیل حقی	۷۳
حضرت غوث الاعظم پیران پیر دستگیرؒ	〃
حضرت بو علی شاہ قلندر پانی پتی رح	۷۴
حضرت بابا فرید الدین گنج شکر رح	〃
حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ	۷۵

مضامین	صفحہ	مضامین	صفحہ
شیخ محمد صادق گنگوہی اور	٧٦	حضرت شیخ روزبہان بقلی شیرازی	٩٢
مولوی اشرف علی تھانوی رح	〃	عارف باللہ شیخ الاکبر محی الدین	٩٣
حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رح	٧٨	ابن عربی رح	〃
حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رح	٧	حضرت شیخ اسمٰعیل حقی رح	٩٤
مولوی اسمٰعیل صاحب دہلوی رح	٧٩	حضرت داتا گنج بخش لاہوری رح	٩٦
شیخ عبدالکریم جیلی رح	〃	شیخ عبدالحق محدث دہلوی رح	٩٧
دربیان حضرت آدم علیہ السلام	٨٠	حضرت احمد بن حنبل رح	٩٩
دربیان دیدار خداوندی رؤیت	٨٤	حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رح	〃
باری تعالیٰ۔	〃	حضرت ابوالحسن خرقانی رح از	١٠٠
فرمان حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	٨٦	شرح عقائد نسفی	〃
حضرت ابوبکر صدیق رض کا فرمان	٨٨	حضرت حاجی امداد اللہ اور مولوی	١٠١
حضرت عمر فاروق رض کا فرمان	〃	اشرف علی تھانوی رح۔	〃
حضرت عثمان غنی رض	٨٩	حضرت حاجی امداد اللہ کا مطلب	١٠٢
حضرت علی کرم اللہ وجہہ	〃	اور جواب (لن ترانی)	〃
صحابہ کرام نے خدا تعالیٰ کو دیکھا	٩٠	شجرہ شریف اور لا تدرکہ الابصار	١٣٨
		کا مطلب اور جواب۔	

Scanned with CamScanner

پیش لفظ

کچھ کتابیں ایسی نظر سے گذریں جن میں تنزلات ستہ وغیرہ کا ذکر تھا اور جو اُردو پنجابی اور عربی فارسی کے اشعار سے مرکب تھیں اور بعد میں کچھ معمولی سی شرح بھی تھی ان کے دیکھنے سے مجھے بھی اسی طرز پر اردو پنجابی اور عربی فارسی سے ملے جلے اشعار لکھنے کا شوق پیدا ہوا - اور اشعار کی شرح زمانہ حال کے مطابق قرآن و حدیث تفاسیر اور اقوال بزرگانِ دین سے کی - تاکہ بعض نکتہ چین حضرات کی زبان بند رہے - اور چھوٹی سی کتاب میں بہت زیادہ حوالے لکھنے کی کوشش کی - اور میں نے اس کتاب میں زیادہ شرح ہر حوالے کے لکھنے کے بعد اس لیے نہیں کی - کہ اتنے حوالے ہی زیادہ لکھے جائیں - تاکہ ذوق شوق والے ہر صاحب کے لیے پاکٹ بک کا کام دے - اور امید ہے کہ بزرگوں کو ماننے والے اس سے مستفید اور خوش ہو کر ناچیز کو دعائے خیر سے یاد فرمائیں گے - اور یہ کتاب خاص الخاص لوگوں کے لیے نہ کہ عام لوگوں کے لیے اور نہ کسی فرقہ پر اعتراض کیا گیا ہے - جیسے کہ حضرت نظری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں -

از ذوقِ مانشود باخبر مذاق سقیم
درست ذائقہ داند مذاق شکرے ما

یعنی ہمارے ذوق کی شیرینی کی لذت کو وہی جان سکتا ہے جسکے منہ کا ذائقہ ٹھیک ہو اور اس شعلہ عشق و معرفت کے اسرار و رموز کو وہی جان سکتا ہے جو جمر گادڑ کی سی تاریکی دل و چشم کو کسی منبع نور کامل سے اطہر مطہر کرنے کے بعد وادیٔ عشق سے گزر کر مقام توحید و بقا میں پرواز کر رہا ہوں - اور اگر

آپ بنظر انصاف وغور برا بھلا کہنے کی بجائے سمجھنے کی کوشش کریں گے۔ تو آپ کو معلوم ہوگا۔ کہ یہ مسئلہ بمطابق قرآن وحدیث حق ہے اور تمام اولیائے کرام اس کے قائل ہیں۔ اگر نہیں تو لکم دینکم ولی دین

صوفی محمد انور قادری

محلہ گداخانہ گوجرہ منڈی

(ٹوبہ ٹیک سنگھ)

Scanned with CamScanner

حمد باری تعالیٰ

الحمد للہ الذی اظہر الاشیاء من وجودہ والاشیاء معدوم بنفسہٖ و لاوجود لشیئٍ اٰخر الا بہٖ والکل موجود بوجودہٖ لاشریک فی الوجود الا ھو ووجودہٗ عین ذاتہٖ و ذاتہ عین وجودہ و ھو الذی ظہر باسمایہٖ وصفاتہٖ وافعالہٖ فی الصور العالم وھو عین العالم وھو الذی ظہر فی صورۃ کل شیءٍ وَعَیْنُ کل شیءٍ ولاحاول لہٗ ولا اتحاد لہ و لاحد لہٗ و لاضد لہٗ وَ لاند لہٗ و لامثل لہٗ و لاشریک لہٗ فی ذاتہٖ و صفاتہٖ وافعالہٖ وَ الصّلوٰۃ والسّلام علی مظہر تجلیاتہ الّذی ھو مرأۃ ذاتہ و صفاتہٖ وافعالہٖ و علیٰ اٰلہٖ و اصحابہٖ و اولیاء امتہٖ و علماء ملّتہٖ اجمعین۔ برحمتک یا ارحم الرّاحمین ۞

۷۸۶

ھُوَ الْکُلُّ

فھو الحامد والمحمود — وھو العابد والمعبود
فھو الساجد والمسجود — وھو الشاھد والمشھود
فھو الناظر والمنظور — وھو الظاھر والظھور
فھو الذاکر والمذکور — وھو الشاکر والمشکور
فھو العارف والمعروف — وھو الصاف والموصوف
فھو العاشق والمعشوق — وھو الخالق فی المخلوق
فی الدارین ھو المشھود — غیرہٗ لیس موجود
ہر جا دیدم حق وجہ اللہ — نیست موجود ماسوی اللہ
ھُو المُوسٰے ھو الطور — ھُوَ الکُلّ فی الظھور
ہر صورت ہیں ہے وہ ذات — فی جمیع الموجودات
غیر او نیست موجود !! — ظاہر اندر کل وجود !!
آپ حامد اور آپ محمود ! — عابد بنیا خود معبود !!
آپے ذاکر اور مذکور ! — ہر مراتب وچہ ظہور
آپے فاعل فعل مفعول ! — لا اتحادلہ و لاحلول
ہر تعین ہیں ہے ذات — بالاسماء والصفات
سب مراتب اسدے جان — ہر ہر دے وچہ ذات پچھان
فاینما تولوا فرمایا اللہ — ہر جا ڈٹھا ہیں وجہ اللہ
اندر نہ کوئی غیر موجود — اوہو ذات جو وچہ شہود

۲- شرح بیان مندرجہ بالا ھُوَ الکُلّ

سب تعریف اللہ کے لیے ہے۔ جو جامع اسماء و صفات و اضداد ہے۔ جو ہر رنگ و شکل و صورت میں ظاہر و نمایاں ہے۔ جس کا غیر موجود ہی نہیں۔ وجود ذات باری تعالیٰ ہیں اور اس کے اسماء و صفات اور افعال میں کوئی شریک نہیں کیوں کہ وہی ہے۔ اس کے سوا غیر موجود ہی نہیں۔

تمام موجودات کی حقیقت وہی ذات وجودِ مطلق ہے۔ وجود مطلق کے لیے حد اور صورت اور حصر نہیں۔ باوجود اس کے وہ ذات حد اور صورت میں ظاہر ہے۔ اور پھر بھی وہ اسی طرح ہے۔ اَلْاٰنَ کَمَا کَانَ ظہور سے اس میں کچھ فرق نہیں آتا۔

پانی برف کی صورت اختیار کرتا ہے۔ پھر بھی وہ پانی ہے۔ برف پانی کی غیر نہیں۔ برف کے پگھلنے سے اس میں کچھ فرق نہیں آتا۔

سمندر میں حباب موجیں اور لہریں ہیں۔ حباب اور موج کی صورت کی حقیقت سمندر ہی ہے۔ اور حباب اور موج کی صورت کے ٹوٹنے سے سمندر میں کچھ فرق نہیں آتا۔ ایسے ہی جانو کہ اَلْاٰنَ کَمَا کَانَ۔

سیاہی سے حروف لکھے جاتے ہیں۔ حروف سیاہی کے غیر نہیں ہیں محض ظاہر کے اعتبار سے غیر خیال کیے جاتے ہیں۔ بلکہ سیاہی حقیقت کے اعتبار سے حروف کی عین ہے۔ حروف کے مٹنے سے سیاہی میں فرق نہیں آتا۔

تمام کائنات کا ظہور اسی وجود مطلق سے ہے جیسے برف پانی کی غیر نہیں اور حروف سیاہی کے غیر نہیں۔ ایسے ہی کائنات ذات کی غیر نہیں برف کا عین پانی ہے۔ حروف کی عین سیاہی ہے۔ کائنات کی عین

ذات باری ہے۔ سب میں وہی جاری و ساری ہے۔ جیسے ذات کا پہلے غیر نہ تھا۔ كَانَ اللّٰهُ لَمْ يَكُنْ شَيْءٌ مَعَهُ ایسے ہی ذات کا اب بھی (کائنات سے) غیر نہیں اَلْآنَ كَمَا كَانَ اس لیے وجود مطلق ہی ہر شکل و صورت میں ظاہر ہوا۔ غیر نہیں جیسے کہ حدیث قدسی میں آتا ہے۔

كُنْتُ كَنْزًا مَخْفِيًا فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ فَخَلَقْتُ الْخَلْقَ۔

ترجمہ: میں مخفیہ خزانہ تھا۔ پس مجھے محبت ہوئی کہ پہچانا جاؤں۔ پس میں نے خلق کو پیدا کیا۔

کنز مخفی وہ اللہ تعالیٰ کی صفت باطن تھی۔ مقام احدیت مرتبہ عماء جس میں اسماء و صفات پوشیدہ تھے۔ جیسے لکھنے سے پہلے سیاہی میں حروف پوشیدہ ہیں۔ اور کشجرۃ فی النواۃ۔ جیسے بیج میں درخت۔ حروف سیاہی سے ظاہر ہوئے۔ درخت بیج سے ظاہر ہوا اور کائنات و اسماء و صفات، ذات سے ظاہر ہوئے۔ یعنی ذات حق ہی بصورت خلق ظاہر ہوئی۔

(۱) جواہر البحار۔ ص۲۲۶ ج۲ و ص۳۲ سطر ۲ ج۳
ص ۱۶۷ ج ۳ مطبوعہ مصر

(۲) مدارج النبوۃ۔ ص۱۶۷ ج۲ سطر ۲۴ نولکشور محدث عبد الحق دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

(۳) کمالات الٰہیہ فی صفات المحمدیہ عبد الکریم جیلی رحمۃ اللہ علیہ

(۴) الفتوحات المکیہ۔ جلد ۳ باب ۳۵۸ ص ۲۶۷ مطبوعہ مصر شیخ الاکبر ابن عربی

(۵) شجرۃ الکون ص۳ سطر ۱۰ مصر شیخ الاکبر ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ

(۶) سر الاسرار ص۲۲ سطر ۳ حضرت غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ

(۷) التشرف بمعرفت احادیث التصوف رحصہ ۲ ص۹۹ مطبوعہ دہلی۔ مولوی اشرف علی تھانوی

(۸) مناہج النبوۃ ترجمہ مدارج النبوۃ ص ۲۸۲ ، ۲۰ مطبوعہ نولکشور لکھنؤ | جیسے کہ قرآن مجید میں فرمایا (پ سورۃ انعام) وھو الظَّاھِرُ ۔ اور وہ اللہ تعالیٰ ظاہر ہے ۔

اُس نے جب اپنے آپ میں (یعنی ذات نے اپنے اسماء صفات کو دیکھا کہ مجھ میں سب کچھ ہے ۔ یعنی کل اشیاء اسماء ، صفات کا جامع ہوں تو اپنی حمد کی ۔ تو اس لیے خود ہی حامد اور خود ہی محمود ہوا ۔ ہر صورت میں وہی ذات مطلق ہے ۔ یعنی ھُوَ فِی صُوْرَۃِ کل شیئٍ اَیْ ھُوَ الْکُلُّ ۔ خود ہی حامد اور محمود ہونا ملاحظہ ہو ۔

تفسیر رُوح البیان : ج ۱ ص ۸ سطر ۲ ۔ مطبوعہ استنبول ، الحمد الکامل وھو حَمْدُ اللہ لِلّٰہِ

ترجمہ : رُوح البیان اردو ص ۲۳ ۔ الحمد یعنی حمد کامل اور حمد کامل وہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنی حمد خود بیان فرمائی ۔

تفسیر روح البیان ج ۱ ص ۸ سطر ۱ | فَھُوَ تَجَلِّیَاتُہٗ فِیْ ذَاتِہٖ بِالْفَیْضِ الْاَقْدَسِ الْاَوَّلِیْ وَظُھُوْرُ الْاَزَلِیِّ فَھُوَ الْحَامِدُ وَالْمَحْمُوْدُ جُمْلَۃً وَّ تَفْصِیْلًا ۔

ترجمہ ۔ روح البیان اردو ص ۲۴ پس وہ تجلیات ہیں جو اس کی ذات میں بطریق فیض اقدس اولی و بطریق ظہور نورانی کے موجود ہیں ۔ اس سے معلوم ہوا کہ حامد بھی وہی ہے اور محمود بھی وہی ہے ۔ جملاً بھی تفصیلاً بھی ۔

الانسان الکامل فی معرفۃ الاواخر والاوائل مطبوعہ مصر ج ۱ ص ۳ الشیخ عبد الکریم بن ابراہیم جیلی ۔ | سَبِّحْ حَمْدَ نَفْسَہٗ بِمَا اَثْنٰی عَلَیْہِ الْمَعْبُوْدُ فَھُوَ الْحَامِدُ وَالْحَمْدُ وَالْمَحْمُوْدُ ۔

حَقِیْقَۃُ الْوُجُوْدُ الْمُطْلِقْ عَیْنُ ھُوِیَّۃُ الْمُسَمّٰی بِالْخَلْقِ وَالْحَقِّ (ترجمہ السان کامل اردو صـ۱۳ مطبوعہ کراچی)

اَلْمَحْمُوْدُ (اسم اللہ) نے جس چیز کی ثنا کی وہ اُس کے اپنے ہی نفس کی حمد تھی۔ جس کو خود ہی اُس نے سُنا۔ پس وہی حامد اور وہی محمود اور وہ ہی حمد ہے وہ مطلق عین اس چیز کا ہے۔ جس کا نام خلق اور حق ہے۔ یعنی وجود مطلق نے دو مختلف حقیقتوں خلق وحق میں ظہور فرمایا۔

مثنوی حضرت فریدالدین عطار صـ۱۵ سطر ۱
مطبع مجیدی کانپور شائع کردہ غلام ٹولہ کلکتہ۔

چوں بعالم نیست غیر یار کس — حامد و محمود خود ہم بود و بس

ترجمہ: جب کہ تمام عالم میں یار کے سوا کوئی نہیں ہے۔ تعریف کرنے والا اور تعریف کیا گیا۔ سب وہی تھا اور بس۔

تذکرہ غوثیہ صـ۲۷۴ قصیدہ شیخ عطار

حمد خود از زبان خود خود گفت — تا کہ بر خود شود پری رفتار

لوائح جامی رح صـ۱۷ (نولکشور)

ہمسایہ و ہمنشیں و ہمراہ ہمہ اوست — در دلق گدا و اطلس شہ ہمہ اوست
در انجمن فرق و نہاں خانہ جمع ! — باللہ ہمہ اوست ثم باللہ ہمہ اوست

شرح ہو العابد والمعبود

تفسیر شیخ الاکبر محی الدین ابن عربی ج ۱ صـ۱۰ مطبوعہ مصر

فَتَنْتَھِیْ عِبَادَتُکَ بِالْفَنَاءِ وَجُوْدِکَ فَیَکُوْنُ ھُوَ الْعَابِدُ وَالْمَعْبُوْدُ جَمِیْعًا لَا غَیْرُہٗ۔

ترجمہ: آپ کے وجود کے فنا ہو جانے سے آپ کی عبادت بھی ختم ہو جائے پس عابد اور معبود سب وہی ہو۔ نہ کہ اس کا غیر

دونوں مرتبے اسی کے ہیں اور حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

تذکرۃ الاولیاء فارسی ص ۱۰۹ سطر ۱۲ باب ۱۴ ذکر معراج بایزید بسطامی شیخ رح۔ مطبوعہ بمبئی۔] "چوں نگاہ کردم نور خود در نورِ او دیدم و عزت خود در عزت و عظمت او دانستم ہر چہ کردم بقدرت او توانستم کرد۔ نور او در قالبم تافت بچشم انصاف و حقیقت نظر کردم ہمہ پرستش از حق بود نہ از من و من پنداشتہ بودم۔ کہ منش می پرستم۔ گفتم بار خدایا ایں چیست؟ گفت آں ہمہ منم و نہ غیر من"

ترجمہ: تذکرۃ اولیاء اردو باب ۱۴ ذکر معراج۔ بایزید بسطامی رح] "پھر نگاہ کی تو اپنے نور کو اس کا نور دیکھا اور اس کی عزت و عظمت میں اپنی عزت و عظمت کو دیکھا معلوم ہوا کہ جو میں کرتا ہوں اس کی قدرت سے کرتا ہوں۔ جب اس کا نور میرے دل میں چمکا تو انصاف و حقیقت کی نگاہ سے دیکھنے پر معلوم ہوا۔ کہ تمام عبادت حق کی طرف سے ہی تھی۔ نہ کہ میری طرف سے میرا خیال تھا۔ کہ میں اس کی عبادت کرتا ہوں۔ لیکن معاملہ برعکس نکلا میں نے عرض کیا۔ خداوندا یہ کیا معاملہ ہے۔ جواب ملا کہ سب کچھ میں ہی ہوں۔ اور نہ میرا غیر"

جلاء المرات شرح مراۃ العارفین ص ۱۱] پس ہر مرتبہ میں وہی ذات خاص سے متجلی ہے اور بانواع تجلیات بمقتضائے اسماء وجوبیہ اور امکانیہ تعینات

عابدیت اور معبودیت ساجدیت مسجودیت میں ظاہر ہوا ہے۔ ورنہ درحقیقت وہی عابد وہی معبود، وہی حامد، وہی محمود وہی شاہد اور وہی مشہود ہے۔

حضرت خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ عبداللہ المعروف خورد جو سلسلہ نقشبندیہ کے بہت بڑے مشہور بزرگ ہیں فرماتے ہیں۔

نور وحدت ص۱۶ سطر ۱۶ مطبوعہ مجتبائی دہلی] اے سید عابد اوست و معبود اوست۔ عابد ست در مرتبہ تقید و معبود است در مرتبہ اطلاق و مراتب تمیز در مراتب از امور عقلیہ ست۔ وجود نیست مگر یک حقیقت کہ ہستی صرف ست،، اب اس کا ترجمہ ملاحظہ ہو جو رسالہ اسرار تصوف میں آ رہا ہے۔

رسالہ اسرار تصوف لاہور ص۱۳ سطر ۲۲ جولائی ۱۹۲۴ء مطبوعہ اللہ والے کی قومی دکان والے] اے سید وہی عابد ہے وہی معبود (یعنی) وہ مرتبہ اطلاق میں معبود۔ مدارج میں مرتبوں کی تمیز کرنا یہ عقلی باتوں کے نتیجے ہیں۔ (مگر حقیقت یہ ہے کہ صرف ایک ہستی کے سوا اور کوئی موجود نہیں ہے۔ بلفظہ

(۳) تفسیر روح البیان ص۳۰ ج۲ سطر ۲۹ { اِنَّ الْكَامِلَ هُوَ السَّاجِدُ وَ الْمَسْجُوْدُ۔

ترجمہ: بے شک ذات حق بصورت انسان کامل ہی ساجد اور مسجود ہے۔

در مرتبہ جمع الجمع از ہمہ مراتب بلند ترین و اعلیٰ است۔ دریں مرتبہ ساجد و مسجود خود ذات سبحانہٗ تعالیٰ جامع الکمالات است در ہمہ مراتب آں وجود مطلق موجود است

انسان کامل عربی ص۱۳۲ ج۱ مطبوعہ مصر] وَلِمَا اعلم انه العابد نفسه بهم منبها على شهود

ذالِکَ فینا ۔ ترجمہ : انسان کامل اُردو صـ ۲۱۸ ۔ جب اس نے ہمیں بتادیا۔ کہ وہ مخلوق کی صورت ہیں خود ہی اپنے آپ کا۔ عابد ہے۔ تو ہم نے اپنے ہیں اس کی شہود پر آگاہی پائی۔

۴ ۔ لوائح جامی صـ ۲۳ س ۱۴ [لائحہ بست و ہفتم، ۲ مطبوعہ نولکشور سنہ ۱۹۱۲ء]

ہستی مطلق کہ ہر جا کہ بظاہر است عین مظاہر است و در ہمہ مظاہر بذاتہ ظاہر

ہ گو ہند دل آئینہ آئین عجب است ۔۔۔ دروے رُخ شاہداں خود بین عجب است

در آئینہ روئے شاہداں نیست عجب ۔۔۔ خود شاہد و خود آئینہ و ایں عجب است

ترجمہ : ۔ ہستی مطلق جہاں بھی ظاہر ہے عین مظاہر ہے۔ (خالق اور مخلوق ہیں غیریت نہیں) اور تمام مظاہر ہیں بذاتہ ظاہر ہے۔

کہتے ہیں کہ دل عجب قسم کا شیشہ ہے۔ اس ہیں دیکھنے والے کو اپنی صورت نظر آتی ہے۔ اور شیشے ہیں دیکھنے والے کو اپنی ہی صورت نظر آنا عجب نہیں اور عجب یہ ہے کہ خود (ذات مطلق) ہی آئینہ اور خود ہی اسمیں دیکھنے والا ہے۔

رسالہ روحی صـ ۲ حضرت سلطان باہورح [وہ خود ہی نظر۔ خود ہی منظر۔ خود ہی ناظر۔ خود ہی منظور۔ خود ہی عشق اور خود ہی عاشق اور خود ہی معشوق ہے۔ اگر تو اپنے آپ سے پردہ ہٹادے تو سب ایک ہی ذات تجھے دکھلائی دے یہ دوئی صرف احول کی وجہ سے ہے"

تفسیر عزیزی فارسی پارہ اوّل صـ ۱۳ { ذکر و ذاکر و مذکور یکے گردد و دوئی از میان برخیزد ۔ یعنی ذکر اور ذاکر اور مذکور ایک ہو جاتے ہیں اور دوئی

درمیان سے اٹھ جاتی ہے ۔

قصیدہ عطار و تذکرہ غوثیہ ص۲۷۳ | ناظر خود خود ست و خود منظور
(۵) شرح فہو الذاکر والمذکور ؛ | خود تماشا و خود تماشہ کار

تفسیر روح البیان ج۱۱ سطر ۴ لَقَدْ کُنْتُ دَھْرًا قَبْلَ اَنْ یَکْشِفَ الْغِطَا اخَالُکَ اِنِّیْ ذَاکِرٌ لَکَ شَاکِرٌ فَلَمَّا اَضَاءَ اللَّیْلُ اَصْبَحْتُ شَاھِدًا بِاَنَّکَ مَذْکُوْرٌ وَ ذِکْرٌ وَ ذَاکِرٌ ۔

ترجمہ :۔ پردہ کھلنے سے پہلے کئی عرصہ میں اس خیال میں رہا۔ کہ شاید میں تیرا ذاکر و شاکر ہوں ۔ جب اندھیرے سے اجالا ہوا تو کیا دیکھتا ہوں ۔ سبحان اللہ کہ (یا الٰہی) ذاکر بھی تو ہے اور ذکر بھی تو اور مذکور بھی تو ہے ۔

ملفوظات مہریہ ص۲۰۸ ملفوظ نمبر ۱۷ | وہی ذاکر وہی مذکور ۔ وہی
پیر مہر علی شاہ گولڑوی | شاہد وہی مشہود

لَیْسَ فِی الدَّارِ غَیْرُہٗ ۔ مولانا جامی رح فرماتے ہیں دبحوالہ قانون عشق ص۲۶۳)

اندیشہ کثرت زمیاں دور شود ذاکر ہمہ ذکر و ذکر مذکور شود !

(۶) شرح فہو العاشق و المعشوق | عاشق خود خود است و خود معشوق
قصیدہ شیخ عطار و تذکرہ غوثیہ ص۲۷۴ | خود طبیب خود است خود بیمار

ترجمہ : یعنی اللہ تعالیٰ اپنا خود ہی عاشق ہے اور خود ہی معشوق ہے اور خود ہی عشق ہے اور خود بیمار ، یعنی کہ ہر شکل و صورت میں وہی جلوہ گر ہے اور حضرت باہو رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ۔

رسالہ روحی ص۶ ۴ خود ہی ناطق اور خود ہی منطوق (بولی ہوئی چیز)

Scanned with CamScanner

خود ہی کاتب اور خود ہی مکتوب ۔خود ہی دلالت کرنے والا اور خود ہی مدلول ،خود ہی عاشق اور خود ہی معشوق ۔

اور پیر مہر علی شاہ صاحب رح ملفوظات ص۱۵ پر فرماتے ہیں۔ معشوق و عشق عاشق ہر سہ اند واحد ،،

حضرت بو علی شاہ قلندر بھی فرماتے ہیں ۔

مثنوی بو علی شاہ قلندر ص۱۷

بوستان اسرار شرح گلشن راز ص۳۱ محمود شبستری رح

اگر عاشق و معشوق از ہم بار شناسی
بینی بے یقین شاہ و گدا ہم نفس مانند۔
ترجمہ :۔ اگر عاشق معشوق کو آپس میں سے جدا پہچانتا ہے ۔تو یقین کے ساتھ دیکھ کہ وہ آپس میں ایک ہیں ۔

مثنوی شمس تبریز ص۱۲ مطبوعہ کانپور

توئی عاشق بظاہر در طریقت
توئی معشوق باطن در حقیقت

مثنوی عطار ص۱۲

عاشق و معشوق غیر یار نیست ٭ در حقیقت غیر او دیار نیست

علامہ مغربی رح فرماتے ہیں ۔ نام او گشت عاشق و معشوق ۔چونکہ بر جمال خود مفتون ۔

شرح ہو الخالق

اقول : انسان ظاہر بصورت خلق عبد است باطن انسان ذات حق سبحانہ ،تعالیٰ است

انسان جامع مراتب حق و خلق است ۔زیرا کہ ذات حق سبحانہ ،تعالیٰ است ۔

انسان بصورت انسان وخلق ظاہر شدہ۔ کما قال الشیخ الاکبر فی الفصوص الحکم وفی الفتوحات المکیہ فہو الحق وہو الخلق قال الشیخ عبد الکریم۔

الانسان الکامل باب ۴۰ صـ ۱۲۹ سطر ۲۵
مطبوعہ مصر عبد الکریم جیلی رح

اَنَّ الْوُجُوْدَ مُنْقَسِمٌ بَیْنَ الْحَقِّ وَالْخَلْقِ فَالْاِنْسَانُ الَّذِیْ هُوَ الْخَلْقُ بِاِعْتِبَارِ ظَاهِرِهٖ هُوَ الْحَقُّ بِاِعْتِبَارِ بَاطِنِهٖ۔

ترجمہ: انسان کامل صـ ۲۱۴۔ وجود خلق اور حق پر منقسم ہے۔ پس انسان باعتبار اپنے ظاہر کے خلق اور باعتبار اپنے باطن کے حق ہے۔

حضرت مولانا جامی اپنی کتاب نقد النصوص میں فرماتے ہیں۔ یُفْهَمُ مِنْهُ کَوْنُ الْاِنْسَانِ رَبًّا مِنْ حَیْثُ بَاطِنِهٖ عَبْدًا مِنْ حَیْثُ وَظَاهِرِهٖ

یعنی اس کا مفہوم یہ ہے کہ انسان اپنے باطن کی حیثیت سے حق ہے اور ظاہر کی حیثیت بندہ ہے۔

فتوحات مکیہ صـ ۲۹۶ ج ۳ فَظَاهِرُ الْاِنْسَانِ خَلْقٌ وَبَاطِنُهٗ حَقٌّ۔ یعنی انسان کا ظاہر خلق ہے و باطن حق

امداد المشتاق صـ ۵۲ سطر ۱
مطبوعہ تھانہ بھون
اشرف علی تھانوی)

انسان کا ظاہر عبد ہے اور باطن حق،،

رسالہ دربیان وحدۃ الوجود صـ ۶ سطر ۱۴
مطبوعہ دیوبند۔ حضرت حاجی امداد اللہ

بندہ قبل وجود خود باطن خدا بود۔ خدا ظاہر بندہ کُنْتُ کَنْزًا مَخْفِیًا

بریں معنی گواہ است۔

شمائم امدادیہ ص ۳۸ سطر ۵ — بندہ قبل وجود خود باطن خدا تھا۔ اور خدا ظاہر بندہ کُنْتُ کَنْزاً مَخْفِیاً الخ اس پر دلیل ہے۔
ملفوظات حاجی امداد اللہ رح

ضیاء القلوب فارسی ص ۲۶ سطر ۱۹ — ظاہر عَبْد، باطن حق بود۔
مطبوعہ دہلی حضرت حاجی امداد اللہ رح

ضیاء القلوب اردو ص ۲۹ سطر ۲۲ — ظاہر میں بندہ اور باطن میں خدا ہو جاتا ہے
مطبوعہ دیوبند

حضرت مولانا جامی فرماتے ہیں (نقل از قانون عشق ص ۲۶) ؎

خوش آنکہ لباس وہم راشک بینم۔ جو حق را ہمہ خلق و خلق راحق بینم
بے آنکہ شود قید حجاب اطلاق در ضمن مقیدات مطلق بینم

جواہر البحار ص ۱۵۱ ج ۴ ص ۲۷۱ ج ۴ فَظَاهِرُ صُوْرَةِ الْاِنْسَانِ خَلْقٌ مَوْصُوْفٌ بِالْعُبُوْدِيَّةِ وَبَاطِنُهٗ حَقٌّ: یعنی پس انسان کی ظاہری صورت خلق ہے۔ جو عبودیت کے ساتھ موصوف ہے۔ اور اس کا باطن حق ہے۔

۸۔ شرح آپے فاعل فعل مفعول۔ جو لا اتحاد ولا حلول ؎

اقول[1]: ذات حق سبحانہ تعالیٰ نہ نزدیک است نہ دور است چوں غیر او نیست قریب و بعید کرا باشد۔ بایں وجہ خود فاعل و فعل و مفعول است زیرا کہ ہیچ فرق نیست۔ ذات حق سبحانہ و تعالیٰ عین جملہ موجودات ست

[1] سے مراد صوفی محمد انور قادری

نہ حلول است ونہ اتحاد است ۔ زیراکہ ذات حق سبحانہ تعالیٰ از حلول واتحاد پاک ومنزہ است در ہر شان خود ظہور نمود است ۔ کَمَا قَالَ الشَیخ العطار

قصیدہ شیخ عطار تذکرہ غوثیہ صـ ۲۷۶
ملفوظات غوث علی شاہ قلندر پانی پتی

ہست خود فعل فاعل ومفعول
ہست خود قبض وبسط درہر کار

خود شدہ طوطی وخود آئینہ ! خود شدہ پیش طوطی آئینہ دار !
حلول واتحاد اینجا محال است کہ در وحدت دوئی عین ضلال است

مرات العارفین صـ ۱۱
حضرت امام حسین علیہ السلام

لَانَّ الاِتّحَادَ یَحصُلُ مِنَ الوُجُودَینِ وَکَذَا الحُلُولُ وَصَیرُورَۃٌ وَمَا ثَمَّہَ اِلَّا وُجُودٌ وَّاحِدٌ

جلاء المرات صـ ۱۱۲ : یعنی اس لیے کہ اتحاد دو وجود سے حاصل ہوتا ہے ۔ اسی طرح حلول وصیرورۃ دو وجود میں پائی جاتی ہے ۔ اور یہاں سوائے وجود واحد کے کچھ نہیں ہے ۔ اور وہ ہستی مطلق ہے ۔ مد پیر مہر علی شاہ ملفوظات کے صـ ۲۰۹ پر فرماتے ہیں ۔ حضرات وجودیہ کے نزدیک سوائے ذات حق غیر کا وجود ہی نہیں ۔ تو حلول کہاں آیا ،،

لہ اقوال سے مراد صوفی محمد انور قادری

٥- دربیان وجود مطلق

وجود مطلق اس کو مان ! — حد شکل تے حصر نہ جان

مطلق ظاہر وچہ حدود ! — لیکن پھر بھی نہ محدود

حد شکل تبدیلی چاہے — وجود مطلق میں فرق نہ آوے

حد شکل وچہ قید نہ جان — فَهُوَ الآنَ كَمَا كَانَ

جمع الجمع اس کو جان — جامع اضداد لے تو مان

رکھے شکلاں لامتناہی — حروف میں جیسے بیچ سیاہی

حروف کی عین سیاہی جان — درخت کو عین بیج پچھان

ذات کی عین تھی کائنات — عین ہے اسکی اب ہمہ ذات

النور دیکھو اکو ذات — جو ہے ظاہر شے بیچ صفات

شرح در بیان وجود مطلق

تحفہ مرسلہ شریف صدا
حضرت ابو سید مبارک

اِنَّ الْحَقَّ سبحانہٗ و تعالیٰ هُوَ الْمَوْجُوْدُ المطلق

ترجمہ : کہ حق تعالیٰ جو سب طرح سے پاک ہے ۔ وہ ہستی بے قید ہے

تحفہ مرسلہ صد ۱۲

وَ اَنَّ ذٰلِكَ الْوَجُوْدَ لَيْسَ لَهٗ شَكْلٌ وَ لَا حَدٌّ وَ لا حَصْرٌ وَمَعَ هٰذَا اُظْهِرَ وَ تَجَلّٰى بِالْحَدِّ والشَّكْلِ وَ لَمْ يَتَغَيَّرْ عَمَّا كَانَ مِن عَدَمِ الشَّكْلِ وَ عَدَمَ الْحَدِّ بَل اَلْاٰنَ كَمَا كَانَ

اور اس وجود کے لیے نہ شکل نہ حد اور نہ احاطہ ہے اور باوجود اس کے حد اور شکل میں ظاہر ہے ۔ اور تجلی کے لیئے اور اس کی بے شکلی اور بے حدی میں کچھ فرق نہیں آیا ہے ۔ بلکہ اب تک ایسا ہی ہے ۔ جیسا تھا ۔

تحفہ مرسلہ صہ ۱۴

وَ اِنَّ الْوُجُوْدَ وَاحِدَةٌ وَ الْلِبَاسُ مُخْتَلِفَةٌ وَ مُتَعَدِّدَةٌ وَ اِنَّ ذَالِكَ الْوُجُوْدَ حَقِيْقَةُ جَمِيعِ الْمَوْجُودَاتِ وَ بَاطِنُهَا وَ اِنَّ جَمِيعَ الْكَائِنَاتِ لَا يخلوا عَنْ ذٰلِكَ الْوُجُوْدِ :

یعنی اور بتحقیق وجود واحد ہے اور لباس مختلف رنگا رنگ ہیں اور وہ وجود تمام موجودات کی حقیقت اور ان کا باطن ہے اور تمام کائنات اس وجود سے خالی نہیں ہے ۔

Scanned with CamScanner

دربیانِ وجودِ کائنات

ہے جو کچھ ہے یہ موجودات — سب کی حقیقت ایک ہی ذات
کُل مخلوق[2] از وجود ! — عدم نہ ہووے کبھی موجود
وہی ذات ہے ظاہر جو — عدم کبھی موجود نہ ہو !
کَانَ اللّٰہُ غیر نہ جان ! — فَہُوَ الْاٰنَ کَمَا کَانَ
عدم العدم[3] وجودِ ذات — نفی کی نفی ہے اثبات
ظاہر ہے خود ذات وجود — ہر صورت میں آپ موجود
ہے ظہور اسی کا سب — صورت خلق میں ظاہر رب
ظاہر خلق اور باطن ذات — غیر ہے نفی وہی اثبات
ظاہر برف تے باطن پانی — ایویں ہر وچ ذات چھپانی
ہر صورت کا عین ہے یار — کتے نہ ڈٹھا میں اغیار

ہے مخلوق کی صورت صورت حق — عین ہے سب کی ذات مطلق

ذات ہے عین الموجودات — کشجرۃ فی النواۃ !

حادث میں تو حادث جان — قدیم کے بیچ قدیم پہچان

ہر مراتب میں وہ ذات — بالیقین موجودات !

کل مراتب اس کے جان — ہر صورت میں اسے پہچان

اسی ذات کا سب ظہور — اندر مراتب فرق ضرور !

مراتب کو تو مول نہ چھوڑ — دکھو دکھرا کر لے جوڑ !!

انور ذات نے کیا ظہور .

نورٌ نُورٌ نُورٌ نُورٌ

شرح دربیان وجود کائنات

۱۔ شرح جو کچھ ہے یہ موجودات

اللہ تبارک وتعالیٰ قرآن پاک سورت نور میں فرماتے ہیں۔ اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۔ یعنی اللہ آسمانوں اور زمینوں کا نور ہے۔ یعنی جو کچھ زمینوں اور آسمانوں میں نظر آتا ہے ، یا پوشیدہ ہے۔ یعنی کل وجود الاشیاء جو کچھ ہے سب اللہ ہی کا نور ہے۔ جیسے کہ حضور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم حدیث پاک میں فرماتے ہیں۔

اَنَا مِنْ نُوْرِ اللّٰہِ وَالْکُلُّ خَلَائِقُ مِنْ نُوْرِیْ یعنی میں اللہ کے نور سے ہوں اور تمام مخلوق میرے نور سے ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ سب جگہ وہی نور موجود ہے۔ غیر نہیں۔ نور اللہ کی صفت ہے اور صفت عین ذات ہے۔ جس سے معلوم ہوا۔ نور یعنی ذات حق تعالیٰ ہی ہر جگہ موجود ہے اور جیسا کہ اس کو سمجھنے کے لیے یوں فرمایا گیا۔ اَللّٰہُ وُجُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اور اللہ عین السموات والارض ہے۔ اور جو مطابق۔ فَاَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْہُ اللّٰہِ ۔ فتوحات مکیہ باب ۴۲۶ جلد ۴ صفحہ ۴۲۶ جلد ۴ صفحہ ۹۰ سطر ۳۔

اِنَّمَا هُوَ نُوْرٌ وَاحِدٌ فِیْ عَیْنِ صُوْرَۃِ خَلْقٍ ۔ یعنی وہ نور واحد ہے جو خلق کی صورت میں عین ہے۔

۲ شرح کل مخلوق از وجود

بعض بے سمجھ لوگوں نے یہ سمجھ لیا ہے کہ مخلوق عدم سے پیدا کی گئی ہے۔

حالانکہ یہ قرآن وحدیث کے خلاف ہے۔ کیونکہ جب یہ صحیح ثابت ہو چکا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالےٰ کے ذاتی نور سے ہیں۔ اور حضورؐ کے نورؐ سے کل مخلوق ہے۔ تو یہ کیسے مانا جاسکتا ہے۔ کہ حضور عدم سے ہیں یا کل مخلوق عدم سے ہے۔ جو اللہ تعالیٰ کا ذاتی نور یعنی اللہ تعالیٰ کی ذات وجود مطلق کیا یہ عدم ہے؟ جس سے حضور پیدا کیے گئے ہیں۔ معاذ اللہ اور قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ قَدْ جَآءَكُم مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ ۔ یعنی آیا ہے تمہارے پاس نور یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم مِنَ اللّٰهِ ۔ یعنی اللہ سے تو کیا یہ عدم ہے۔ ذات حق تعالیٰ ہی ہر صورت و شکل میں ظہور فرمایا ہے۔ عدم جو کچھ بھی نہ ہو۔ وہ کیسے وجود میں آسکتا ہے۔ اب اقوال اولیاء کرام سے ملاحظہ ہو۔ شیخ الاکبر محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ جن کی دنیا بھر کے اولیاء کرام اور علمائے کرام نے تعریف کی ہے۔ (ان کا تعارف وشان کتاب اثبات نور میں اقوال بزرگان سے لکھ چکا ہوں۔ یہاں صرف تھوڑا سا مختصر عرض کرتا ہوں۔ جن کی بابت مولوی اشرف علی تھانوی کتاب التنبیہ الطربی میں علمائے کرام کے اقوال سے اور شاہ ولی اللہ محدث دہلوی تفہیمات الٰہیہ اور انفاس العارفین میں امام شعرانی رح الیواقیت والجواہر میں اور پیر مہر علی شاہ ملفوظات میں لکھتے ہیں اور حضرت مجدد الف ثانی رح مکتوبات میں فرماتے ہیں۔

مکتوبات ج ۱ ص ۵۰۸ سطر ۴ مکتوب ۲۶۶] شیخ محی الدین رح کے حق میں فقیر کا اعتقاد خاص بھی یہی ہے کہ اس کو مقبولوں میں سے جانتا ہے۔

قاضی ثناء اللہ پانی پتی رح اپنے مکتوبات میں یوں لکھتے ہیں

در حضرت قیوم ربانی قطب صمدانی مجدد الف ثانی رح در حق شیخ اکبر شیخ محی الدین

ابن عربی سرہٗ فرمودہ۔ منکر شیخ در خطر است و معتقد کلمات شطحیہ شیخ نیز در خطر شیخ را از کابر اولیاء اللہ باید دانست الخ۔۔

امام شعرانی آپ کی کتاب فتوحات مکیہ کے متعلق یوں لکھتے ہیں ۔

صَنَّفَا فِیْھَا الْفُتُوْحَاتَ الْمَکِّیَّۃَ الَّتِیْ کَتَبَھَا عَنْ ظَھْرِ قَلْبٍ جَوَابًا بِسُوَالٍ سَئَلَہٗ عَنْہُ تِلْمِیْذُہٗ بَدْرٌ الْحَبَشِیْ وَ لَمَّا فَرَغَ

الیواقیت والجواہر ج ۱ صفحہ ۱۱ سطر ۱۱
امام شعرانی مطبوعہ مصر
فتاوی حدیثیہ ابن حجر مکی ص ۲۹۵ بیروت
شواہد الحق ص ۲۴۸ مطبوعہ مصر
علامہ النبہانی

مِنْھَا وَضَعَھَا فِیْ سَطْحِ الْکَعْبَۃِ الْمُعَظَّمَۃِ فَاَمَتَ فِیْہِ سَنَۃً ثُمَّ اَنْزَلَھَا فَوَجَدَھَا کَمَا وَضَعَھَا لَمْ یَبْتَلْ مِنْھَا وَرَقَۃٌ وَ لَا عَبِثَتْ بِھَا الرِّیَاحُ مَعَ کَثْرَتِ اَمْطَارِ مَکَّۃَ وَرِیَاحِھَا وَاَمَّا اُذِنَ لِلنَّاسِ فِیْ کِتَابَتِھَا وَقَرْاَتِھَا اِلَّا بَعْدَ ذٰلِکَ

ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ بھی اپنے فتاوی حدیثیہ ص ۲۹۵ میں مندرجہ بالا واقعہ یوں لکھتے ہیں۔ لما صنف کتابہ الفتوحات المکیۃ وَضَعَہٗ علی ظھر الکعبۃ ورقا من غیر وقایۃ علیہ ممکث علی ظھرھا سنۃ لم یمسہ مطرھا و لا اخذ منہ الریح ورقۃ واحدۃ مع کثرۃ الریاح والامطار بمکہ فحفظ اللہ کتابہ ۔ اور یہی عبارت فارسی میں شیخ مکی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب الجانب الغربی فی حل مشکلات الشیخ محی الدین ابن عربی میں لکھتے ہیں۔

العجائب الغربی صـ۲۰۹ سطر ۲ مطبوعہ ایران | شیخ محی الدینؒ چوں از مسودہ فتوحات مکیہ فارغ شد آوردہ در بالاء بام کعبہ بے جلا و بے جزو بندی یکساں

آوردہ درآں موضع گذاشت بعد از یک سال آوردہ فرودآوردہ یک ورق از جائے خود بدر نرفتہ بود و یک ورق تر نشدہ بود باوجود آنکہ بادہا ئے مخالف عظیم و باراں ہائے عمیم کہ در مکہ مے باشند ،،

مندرجہ بالا دونوں عبارتوں کا مطلب یہ ہے۔ کہ جب انہوں نے فتوحات مکیہ لکھی تو انہوں نے خانہ کعبہ کی چھت پر پھینک دی۔ ایک سال پڑی رہی۔ بہت زیادہ بارشیں ہوئیں اور بہت تیز آندھیاں چلتی رہیں۔ جب ایک سال کے بعد اتاری تو ویسی ہی تھی۔ بارشوں اور آندھیوں سے کوئی ورق یا لفظ تک بھی ضائع نہ ہوا۔

اور فتوحات مکیہ کے خطبہ کے متعلق خود انہوں نے لکھا ہے۔ انہوں نے (شیخ الاکبر) نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حقائق مثال میں دیکھا۔ آپ کے اردگرد انبیاء و رسل فرشتے اور اولیاء صف باندھے کھڑے تھے، آپ کے داہنے حضرت ابوبکرؓ اور بائیں طرف حضرت عمرؓ تھے، اور آپ کے سامنے خاتم الولایۃ یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام تھے۔ جن کے پیچھے ابن عربی بیٹھے ہوئے تھے، حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ بھی تشریف فرما تھے۔ آنحضرت نے ابن عربی کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ اے محمد (حضرت شیخ الاکبر کا نام محض محمد ہے) اٹھو اور اس کی ثنا کر جس نے مجھ کو بھیجا اور میری تعریف بیان کر فوراً ابن عربیؒ کے سامنے ایک منبر لا کر رکھا گیا جس کی پیشانی پر چمکدار نور سے لکھا ہوا تھا۔ ھذا ھو المقام المحمدی الاطہر۔ یعنی یہ وہ محمدی

پاک مقام ہے ابن عربی رح شرماتے ہوئے اس مقام پر چڑھے ۔ اور فی البدیہہ ایک فصیح و بلیغ عربی خطبہ دیا ۔ اور فرمایا کہ وہ خطبہ میری فتوحات مکیہ کا خطبہ ہے ۔

یہ ہے ابن عربی کی شان جو انہوں نے خود ہی بیان فرمائی ۔ اور یہ رسالہ اخبار ہفت روزہ امروز ۲ نومبر ۱۹۶۷ء صٓ پر آیا ہے اور حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑوی بھی اپنے ملفوظات میں ملفوظ نمبر ا اور صا۳-۳۲ پر ذکر کرتے ہیں ۔

میں (صوفی محمد انور قادری) نے شیخ الاکبر محی الدین ابن عربی کی تقریباً چالیس کتابوں کا مطالعہ کیا ہے اور میری نظر میں شیخ الاکبر کا کلام سب سے بہت زیادہ بلند ہے اور میں نے جتنی بھی کتب تصوف مطبوعات مصر، ترکی، بیروت ہند و پاکستان وغیرہ کا مطالعہ کیا ہے ۔ ان سب سے زیادہ مجھے شیخ الاکبر کا کلام پسند آیا ہے ۔

شیخ الاکبر فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے کائنات کو وجود سے پیدا کیا ہے ۔ نہ کہ عدم سے اور ذات کائنات کی عین ہے ۔

الفتوحات المکیہ ج ۳ . باب ۳۶ ۲۸۹ سطر ۲۹ مطبوعہ مصر شیخ الاکبر

فَاَوْجَدَ الْعَالَمَ مِنْ وُجُوْدِہٖ وَکَرَمِہٖ وَھٰذَا لَا یَشُکُّ فِیْہِ عَاقِلٌ مُؤْمِنٌ

یعنی اللہ تعالیٰ عالم کو اپنے وجود سے اور کرم سے وجود بخشا ۔ اور اس میں عاقل مند اور مومن کو شک نہیں ۔

یعنی تمام کائنات نے اللہ تعالیٰ کے وجود سے ظہور پایا ۔ یعنی خود ذات بصورت کائنات ظاہر شد و دریں مرد عاقل و مومن را شک نیست ۔

اگر عاقل و مومن کے سوا دوسرا شک کرے کہ وجود نہیں ۔ بلکہ عدم ہے ۔ تو اسکی مرضی قُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّکُمْ فَمَنْ شَآءَ فَلْیُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ

فَلْیَکْفُرْ ۔ کہف ۱۵/۴

فتوحات المکیہ ج ۲ باب ۱۸۹ ص ۴۵۹ سطر ۲ تا ۲۸ | وَلَیْسَتْ بِشَیْءٍ زَائِدٌ عَلَیْهَا بَلْ هِیَ عَیْنُ کُلِّ صُوْرَةٍ وَ هٰکَذَا تَجِدُهٗ فِیْ صُوَرِ الْمَعَادِنِ وَالنَّبَاتِ

وَالْحَیْوَانِ وَالْاَفْلَاکِ وَالْاَمْلَاکِ وَالْاَمْلَا فَسُبْحَانَ مَنْ اَظْهَرَ الْاَشْیَاءَ وَهُوَ عَیْنُهَا ۔

یعنی اس کے اوپر کوئی شئے زائد نہیں ۔ بلکہ وہ ہر صورت کا عین ہے ۔ اور ایسے ہی سونے چاندی کا ۔ اور ہری ہری چیز جو زمین سے اُگے اور حیوان افلاک اور املاک کی صورت میں سمجھو ۔ اور پاک ہے وہ ذات جس نے اشیاء کو ظاہر کیا ۔ اور وہ ان سب کا عین ہے ۔

فتوحات المکیہ باب ۴۰۵ ج ۴ ص ۷ سطر ۹ { اِنَّهٗ صُوْرَةُ کُلِّ شَیْءٍ وَعَیْنُ کُلِّ شَیْءٍ قَلْبُ الْعَبْدِ لِاَنَّ کُلَّ شَیْءٍ حَق فَمَا وَسِعَهٗ اِلَّا الْحَق ۔ ترجمہ : بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز کی صورت اور ہر چیز کا عین ہے ہر چیز انسان کے دِل میں سما جاتی ہے ۔ کیونکہ ہر چیز حق ہے ۔ اور حق تعالیٰ انسان کے دل میں سما جاتا ہے ۔

فتوحات المکیہ باب ۴۰۵ ج ۴ ص ۷ ۔ سطر ۳۴ | فالحق بیت الموجودات کلها لانّه الوجود وقلب العبد بیت الحق لانّه وسعهٗ ولٰکن قلب المؤمن لاغیر

یعنی پس حق تعالیٰ تمام موجودات کا گھر ہے ۔ اس لئے کہ وہ وجود مطلق ہے ، اور بندے کا دِل حق تعالیٰ کا گھر ہے ۔ اس لئے کہ وہ اسے سما لیتا ہے اور لیکن مومن کا دل نہ کہ غیر کا ۔

فتوحات مکیۃ باب ۵۱۰ ج ۴ - ص ۱۵ - سطر ۱۳ - | ان الحق عین کل صورۃ. ترجمہ بیشک حق تعالیٰ ہر صورت کا عین ہے -

فتوحات مکیۃ باب ۴۲۶ ص ۳۹ - ج ۴ - سطر ۱۳ - | فَھُوَ عَیْنُ السّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔ یعنی وہ زمینوں اور آسمانوں کا عین ہے،

پس ثابت شد کہ وجود باری عین ہمہ عالم موجودات است - ہیچ کس را دریں شکے نیست الا آحول چشم کہ یکے را دو مے بیند (از صوفی محمد انور قادری)

تفسیر ابن عربی ص ۵۰۱ - ج ۱ - لَا وُجُوْدَ لِعِبَادِہٖ وَ لَا لِشَیْءٍ اٰخَرَ اِلَّا بِہٖ وَالْکُلُّ مَوْجُوْدٌ بِوُجُوْدِہٖ۔ یعنی نہ کسی بندے کا اپنا وجود ہے اور نہ کسی چیز کا وجود ہے مگر اللہ تعالیٰ کے وجود سے ہے۔ اور کل موجودات اللہ تعالیٰ کے وجود سے ہے -

حضرت شیخ عبدالکریم جیلی فرماتے ہیں

الانسان الکامل عربی باب ص ۴۶ سطر ۳ - مطبوعہ مصر - | وَاَوَّلُ رحمۃ رحم اللّٰہ بھا الموجودات اَنْ اَوْجَدَ الْعَالَمَ مِنْ نَفْسِہٖ -

ترجمہ انسان کامل اردو باب ص ۸۳ کہ سب سے پہلی رحمت موجودات پر یہ کہ خدا نے اپنے نفس (ذات) سے عالم کو پیدا فرمایا "

الانسان الکامل ص ۴۷ - سطر ۸ :- وکیف یجوز الحلول والمماسۃ وھو عین الموجودات نفسہا فوجدہٗ تعالیٰ فی موجوداتہٖ بھٰذا الحکم من حیث اسمہٗ الرحمٰن لانہ رحم المخلوق بظھورہ فیہ وبابرازہ المخلوق فی نفسہٖ۔

ترجمہ الانسان کامل اردو صہ ۸۵ :۔ اور حلول و مماست کیسے جائز ہے جبکہ وہ خود عین موجودات ہے۔ اور ان معنوں سے موجودات میں حق کا وجود بہ حیثیت اس کے اسم رحمٰن کے ہے کہ خلق میں ظہور کر کے اس نے خلق پر رحم کیا۔ اور اپنے نفس سے ان کو نکالا۔

الانسان الکامل عربی صہ ۹۹ سطر ۹ باب ۲۷ مطبوعہ مصر۔ | لِاَنَّ الحق سبحانہٗ و تعالیٰ عَیْنُ الْاَشْیاء

اس لئے کہ حق تعالےٰ عین اشیاء کا ہے۔

ترجمہ الانسان کامل اردو صہ ۱۷ باب ۲ الانسان الکامل عربی صہ ۱۰ | اَعْلَمْ اِنَّہٗ عین الاشیاء الظاہرہ والباطنہ

جان لے کہ وہ اشیاء ظاہرہ اور باطنہ کا عین ہے۔

الانسان الکامل باب ۹ صہ ۲۰ سطر ۱۲۔ عربی مصر | اَلَا تَرَاکَ بِاعْتِبَار اَنَّ الْحَقَّ سُبْحَانَہٗ وَتعالیٰ عَیْنُکَ وھویتک۔

انسان کامل۔ صہ ۹۲ اردو :۔ کیا تو اس اعتبار سے اپنے آپ کو نہیں دیکھتا۔ کہ حق سبحانہ و تعالیٰ تیرا عین۔ اور تیری ہویت ہے۔

تعلیم غوثیہ۔ صہ ۲۶۵۔ مطبوعہ دہلی۔ اَلْعَدَمُ لَیْسَ بِشَیْءٍ وَالْوُجُوْدُ ھُوَ الْحَقُّ۔ یعنی عدم کوئی چیز نہیں اور وجود عین حق ہے۔

حضرت خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ عبداللہ عرف حضرت خواجہ خورد اپنی کتاب نور وحدت جس کا ترجمہ سرور وحدت جو رسالہ اسرار تصوف میں بھی چھپی فرماتے ہیں۔

رسالہ اسرار تصوف لاہور ستمبر صہ ۲۷ ۱۹۲۸ء سطر ۱۹ | جو مطلق اور مقید

سب میں ظاہر ہے۔ وہی سب کا عین ہے۔ بلفظہ۔

۲۔ شرح عدم العدم وجودِ ذات

نفی کی نفی سے اثبات۔

عدم العدم سے مراد وجود باری ہے۔ کیونکہ نفی کی نفی کا معنیٰ اثبات ہوتا ہے۔ کیونکہ اذ دخل النفی علی النفی فھو اثبات۔ جیسے کہ شیخ الاکبر بھی فتوحات مکیہ کے خطبہ کے شروع میں فرماتے ہیں۔ اور الحمد للہ الذی اوجد الاشیاء عن عدم وعدمہ۔ یعنی سب حمد اللہ تعالیٰ کے لیے ہے جس کے عدم نے عدم یعنی وجود سے اشیاء کو پیدا فرمایا ہے۔

حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑوی بھی یہی فرماتے ہیں۔

ملفوظات مہریہ۔ ملفوظ ۱ صفحہ ۲۱۳ مطبوعہ گولڑہ شریف ‏| ”بعدہ“ حضور اقدس نے کتاب لے کر خود عبارت پڑھی اور معنی بیان فرمایا ارشاد ہوا کہ لفظ عدمہ بکسر میم ہے۔ معطوف عدم اول پر اور چونکہ عدم العدم وجود ہوتا ہے۔ یعنی معنی یہ ہوا۔ حمد ہے اس خدا کی جس نے پیدا کیا اشیاء کو وجود سے“

لوائح جامی صفحہ ۱۹ لائحہ ۲۵ ‏| پس عالم ظاہر حق است وحق باطن عالم۔ عالم پیش از ظہور عین حق بود۔ وحق بعد از ظہور عین عالم بلکہ فی الحقیقت یک حقیقت است ۱۲ ترجمہ۔ پس عالم ظاہر حق ہے اور حق باطن عالم عالم ظہور سے پہلے عین حق تھا۔ اور حق ظہور کے بعد عین عالم ہے۔ بلکہ حقیقت میں ایک ہی حقیقت ہے۔

لوائح جامی صفحہ ۲۳ لائحہ ۲۷ مطبوعہ نولکشور لکھنؤ ‏| وجود حق وہستی مطلق کہ ہر جا کہ ظاہر

است عین مظاہر است و در ہمہ مظاہر بذاتہ ظاہر۔ ترجمہ: وجود حق اور ہستی جہاں بھی ظاہر ہے عین ظاہر ہے (اس میں اور مظاہرہ میں غیریت نہیں) اور تمام مظاہرہ میں (بذاتہ) ظاہر ہے۔ معلوم ہوا کہ ہر صورت و شکل میں ذات باری تعالیٰ ہی جلوہ گر ہے غیر نہیں تمام کائنات کا ظہور وجود سے ہے اور وجود عین ذات ہے۔ جس کے لئے مراتب ضروری ہے۔

۴. شرح۔

اسی ذات کا سب ظہور   اندر مراتب فرق ضرور

حضرت مولانا جامی فرماتے ہیں۔

لوائح جامی لائحہ ۲۳ صفحہ ۱۷ سطر ۱ مطبوعہ نولکشور لکھنؤ۔ } ہر مرتبہ از وجود حکم دارد
گر حفظ مراتب نکنی زندیقی!

ترجمہ: شرح لوائح جامی اردو صفحہ ۔ وجود کا ہر مرتبہ ایک خاص حکم رکھتا ہے اگر تو نے حفظ مراتب کیا تو زندیق ہے۔ ایک مرتبے کی صفات دوسرے مرتبے پر صادق کر دیں۔ تو یہ زندقہ ہوگا۔

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رح بھی فرماتے ہیں کہ حفظ مراتب بہت ضروری ہے

فتاوی عزیزی جلد ۲ صفحہ ۱۰۳ } بوحدت وجود یوجہے کہ مخالف احکام شرع نباشد یعنی جمیع موجودات را مظاہر حق داند وجود را واحد انگارد و ہر مرتبہ را از وجود حکم جداگانہ ثابت کند۔ در بعضے مراتب موصوف بعبدیت و در بعضے بالوہیت و در بعضے حلال و در بعضے حرام و در بعضے طاہر و در بعضے نجس و مراتب وجود راہم خلط نکند و بگوید۔

ہر مرتبہ از وجود حکمے دارد   گر حفظ مراتب نکنی زندیقی

علامہ عراقی بھی فرماتے ہیں (از شرح قانون عشق صفحہ ۲۴۸ ج ۲

حقیقت ہمہ چیز آمد یکے ۔۔۔ تو اندر مراتب بکن فرق ہا
نظر بر حقیقت ہمہ عین ہست ۔۔۔ نظر بر تعین ہمہ غیر ہا!

اقول :۔ عالم ازروئے تعین و تشخص الہام غیر ذات است و از روئے حقیقت عین ذات است ۔

حضرت مولانا جامی رح فرماتے ہیں (بحوالہ قانون عشق ص ۲۴۸)

از روئے تعین ہمہ غیر اند زعین ۔۔۔ ور روئے حقیقت ہمہ عین اند زغیر

اور رباعی عماد رح بھی ملاحظہ ہو (بحوالہ قانون عشق ص ۲۴۸)

تحفہ مرسلہ ص ۱۹ ۔ وَ اِنَّ لِذَالِكَ الْوُجُوْدِ مَرَاتِبَ كَثِيْرَةً

ترجمہ : اور یہ بات ہے کہ اس وجود کے بہت سے مراتب ہیں ۔ تحفہ مرسلہ حضرت غوث پاک کے پیر مرشد حضرت ابوسعیدؒ مبارک کی کتاب ہے ۔

جلاء المرات شرح مرأت العارفین ص ۵۲

پس مراتب وجوب اور امکان کو امور اعتباری کہنا درست نہیں ۔ ہاں تعینات اور تقیدات کو باین معنی امور اعتباریہ اور عدمیہ کہہ سکتے ہیں ۔ کہ وجود واجب کہ سوا ان کا کوئی علیحدہ اور زائد وجود نہیں ہے ۔ اس کے سوا کوئی موجود نہیں ہے ۔ بلکہ تعینات اور تقیدات مراتب ظہور حق ہیں ۔ اور اسی سے قائم ہیں جیسے زید کی طرف قائم اور عالم کی نسبت کی جاتی ہے ۔ پس تمام تعینات ایک وجہ سے غیر اور ایک وجہ سے عین ہیں اور ایک اعتبار سے اعتباری اور وہمی اور ایک اعتبار سے نفس الامر ہیں ۔ اس سے قائم اور ثابت ہیں ۔

۹۔ تنزلات ستہ مراتب نزول: مرتبہ اوّل احدیت

سات مراتب حق کے جان　　دارو داری کراں بیان !

پہلے کا احدیت نام !　　اسموں صفتوں پاک تمام

رحیم کریم ستار غفار　　کسی صفت کا نہ اظہار

جس کا نہ کوئی نام نشان　　اسموں صفتوں مطلق جان

تنزیہہ تشبیہہ نہ رکھے مول　　کوئی صفت نہ کرے قبول

محض وجود بلا اسماء　　گنج مخفی سمجھ عماء

از تعین پاک وجود　　کُنْتُ کَنْزًا خود فرمود

جیسے سیاہی بیچ دوات　　ذات بلا اسماء و صفات

بلا حروف سیاہی جان　　حرفوں کا نہ نام نشان

ایسے ذات احدیت جان　　سب کچھ اس کا عین پچھان !

نام نشان نہ حد شمار　　لَا تُدْرِکُہُ الْاَبْصَار

الف دا کولوں پچھ لے یار !

دسے تینوں وارو وار !

شرح المرتبہ الاوّل احدیت

(۱) شرح پہلے کا احدیت نام :-

تنزلات ستہ حضرت ابوسعید مبارکؒ حضرت غوث پاک کے پیر و مرشد تحفہ مرسلہ میں بیان کرتے ہیں اور ان کا اور بھی بہت سی کتابوں میں بیان ہے -

شرح تحفہ مرسلہ شریف حضرت ابوسعید مبارکؒ] اَلْمَرْتَبَةُ الْاُوْلٰی مَرْتَبَةُ اللَّاتَعَیُّنِ وَ الْاِطْلَاقِ وَ الذَّاتِ الْبَحْتِ لَا بِمَعْنٰی اِنَّ قَیْدَ الْاِطْلَاقِ وَ مَفْهُوْمُ سَلْبِ التَّعَیُّنِ ثَابِتَانِ فِیْ تِلْكَ الْمَرْتَبَةِ بَلْ بِمَعْنٰی ذَالِكَ الْوُجُوْدُ فِیْ تِلْكَ الْمَرْتَبَةِ مُنَزَّهٌ عَنْ اِضَافَةِ النُّعُوْتِ وَ مُقَدَّسٌ عَنْ كُلِّ قَیْدٍ حَتّٰی قَیْدَ الْاِطْلَاقِ اَیْضًا وَ هٰذِهِ الْمَرْتَبَةُ نُسَمّٰی بِالْمَرْتَبَةِ الْاَحَدِیَّةِ وَهِیَ كُنْهُ الْحَقِّ سُبْحَانَهٗ وَ تَعَالٰی وَ لَیْسَ فَوْقَهَا مَرْتَبَةٌ اُخْرٰی بَلْ كُلُّ الْمَرَاتِبِ تَحْتَهَا ۔ ترجمہ : پہلا مرتبہ لاتعین اور اطلاق ذات بحت کا ہے ۔ یہ معنی نہیں کہ اطلاق کی قید اور تعین کی نفی کا مفہوم اس مرتبہ میں ثابت ہیں ۔ بلکہ یہ معنی ہیں کہ یہ وجود اس مرتبہ میں صفات کی نسبت سے بری اور ایک قید سے یہاں تک کہ قید اطلاق سے بھی پاک ہے اور اس مرتبہ کا نام مرتبہ احدیت رکھا جاتا

ہے اور یہ حق تعالیٰ پاک کی کہنہ ہے اور اس کے اوپر اور مرتبہ نہیں ہے۔ بلکہ تمام اس کے نیچے ہیں۔

مکتوبات شاہ فقیر اللہ علوی
مکتوبات چہارم

فَاعْلَمْ اَنَّ لَهُ مَرَاتِبَ كَثِيْرَةً فَاِذَا جَاوَزَ مِنْ مَرْتَبَةِ الْاِطْلَاقِ وَ عَدَمِ الْاِنْحِصَارِ الْمُسَمَّاةِ بِاللَّا تَعَيُّنِ الذَّاتِ وَ الْبَحْتِ وَ الْاَحَدِيَّةِ الصِّرْفَتِ الْمُنَزَّهَةِ مِنَ اِضَافَةِ النُّعُوْتِ وَ الصِّفَاتِ الْمُبَرَّاةِ عَنْ كُلِّ قَيْدٍ حَتّٰى الْاِطْلَاقِ وَ هِيَ كُنْهُهُ وَ الْحَقِّ وَ لَيْسَ فَوْقَهَا مَرْتَبَةٌ۔

ترجمہ :- پس جاننا چاہیئے۔ کہ اس وجود کے بہت سے مراتب ہیں۔ پس جب اس وجود نے مرتبہ اطلاق اور عدم انحصار سے کہ جس کو لاتعین اور ذات بحت اور احدیت صرف کہتے ہیں۔ جو کہ نعوت اور صفات کی اضافت سے منزہ اور ہر قید حتیٰ کہ قید اطلاق سے بھی پاک ہے اور وہ کہنہ حق تعالیٰ ہے اور اس کے اوپر کوئی مرتبہ نہیں ہے۔

الانسان الکامل عربی باب ۶
ص ۴۴ سطر ۱۲۔ مصر

اِنَّ الْاَحَدِيَّةَ لَا يَظْهَرُ فِيْهَا شَيْءٌ مِنَ الْاَسْمَاءِ وَ الصِّفَاتِ وَ ذَالِكَ عِبَارَةٌ عَنْ مَحْضِ الذَّاتِ الصِّرْفِ فِيْ شَانِهِ الذَّاتِيِّ۔

ترجمہ : انسان کامل اردو صفحہ ۸
باب ۶

احدیت میں اسماء و صفات سے کوئی چیز ظاہر نہیں ہوتی۔ وہ اپنی ذاتی شان میں محض ذات صرف ہے۔

لوائح جامی - لائحہ ۲۲ صفحہ ۱۰۱ : موجود حقیقی یکے بیش نیست و آں عین وجود حق و ہستی مطلق است۔ اما او را مراتب بسیار است اوّل مرتبہ لاتعین و عدم انحصار است و اطلاق از ہر قید و اعتبار و ازیں حیثیت منزہ است از اضافات نعوت و صفات و مقدس است از دلالتہ الفاظ و لغات۔

المرتبۃ الثانی و التعین الاوّل وحدت حقیقت محمدیہ[2]

تعین اوّل مرتبہ ثانی!
اسدا نام توں وحدت جانی

اپنے علم میں آپ خدا!
مجمل طور ڈٹھی اشیاء

علم[2]۔ معلوم۔ قدیم تو جان!
عین ہے اس کا غیر نہ مان

بغیر فرق اجمالی طور!
سب کجھ دے وچہ کیتا غور

اَنَا مِنَ اللّٰہِ حدیث فرمان!
کُلُّ شَیٍٔ مِّنْ نُّوْرِیْ جان

لَوْلَاکَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاکَ
فرمایا خود حبیب پاک!

حقیقت محمدیہ بھی تو جان
برزخ جامع لے پچھان

نور نبیؐ کو جان قدیم
فَھُوَ الْاَحْمَدُ بلا میم

۱۲۔ شرح مرتبہ ثانی اور تعین اول وحدت یعنی حقیقت محمدیہ

اے شرح تعین اول مرتبہ ثانی۔

تحفہ مرسلہ شریف صد ۲ حضرت ابو سعید مبارک ؒ | وَالْمَرْتَبَةُ الثَّانِيَةُ التَّعَيُّنُ الْاَوَّلُ وَهِيَ عِبَارَةٌ عَنْ عِلْمِهٖ تعالیٰ لِذَاتِهٖ وَصِفَاتِهٖ وَبِجَمِيْعِ الْمَوْجُوْدَاتِ عَلٰى طَرِيْقِ الْاِجْمَالِ مِنْ غَيْرِ اِمْتِيَازِ بَعْضِهَا عَنْ بَعْضٍ وَ هٰذِهِ الْمَرْتَبَةُ تُسَمّٰى بِالْوَحْدَةِ وَالْحَقِيْقَةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ترجمہ:۔ اور مرتبہ دوسرا تعین اول کا مرتبہ ہے اور اس سے مراد اللہ تعالیٰ کا اپنی ذات اور اپنی صفات اور تمام موجودات کو بعض کو بعض سے امتیاز کئے بغیر اجمالی طور پر جان لینا ہے۔ اور یہ مرتبہ وحدت اور حقیقت محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نام رکھا جاتا ہے۔

۲۔ اصطلاحات صوفیہ صد ۲۲ سطر ۹ مطبوعہ دکن۔ حیدر آباد | الحقيقة المحمدية هي الذات مع التعين الاول.

یعنی حقیقت محمدیہ ذات ہے ساتھ تعین اول کے۔

۳۔ مکتوبات شاہ فقیر اللہ علوی مکتوب چہارم | لِيُتَمّٰى بالتعين الاول المعتبر عن علم الذات بذاتہ وَصِفَاتِه وَجَمِيْعَ الْمَوْجُوْدَاتِ عَلَى الْاِجْمَالِ مِنْ غَيْرِ امتيازِ بَعْضِهَا عَنْ بَعْضٍ وَ يسمى اَيْضًا بِالْوَحْدَةِ وَالْحَقِيْقَةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ : ترجمہ: تقریباً اوپر والا ہی ہے۔

۴۔ جواھر البحار ج ۲۶۸ سطر ۳ ج ۵۴۸ سطر ۱۲ | لِاَنَّہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَظْہَرُ التَّعَیُّنِ
شیخ یوسف بن اسمٰعیل النبہانی مطبوعہ مصر |

الْاَوَّلِ۔ یعنی اسی لیے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تعین اول کے مظہر ہیں۔

۵۔ جواھر البحار ج ۲۶۸ سطر ۲ ج ۵۴۸ سطر ۲۵ | التنبیہ العاشر اِعْلَمْ اَنَّ الْحَقَّ
کتاب التنبیہات۔ مطبوعہ مصر |

تعالیٰ تَجَلّٰی الذَّاتِہٖ بِذَاتِہٖ وَشَاھَدَ جَمِیْعَ صِفَاتِہٖ وَ کَمَالَاتِہٖ فِیْ ذَاتِہٖ وَاَرَادَ اَنْ یُّشَاھِدَھَا فِیْ حَقِیْقَۃٍ تَکُوْنُ کَالْمِرْاٰۃِ فَاَوْجَدَ الْحَقِیْقَۃَ الْمُحَمَّدِیَّہ۔

ترجمہ:۔ تنبیہ دسویں۔ جاننا چاہیئے کہ حق تعالیٰ نے اپنی ذات کے ساتھ تجلی فرمائی۔ اور اپنی تمام صفات اور کمالات کو اپنی ذات میں دیکھا۔ اور چاہا کہ اپنی ذات کو ایسی حقیقت میں دیکھے۔ جو اس کے لیے آئینہ کی طرح ہو تو حقیقت محمدیہ کو ایجاد فرمایا

(۶) تفسیر الرموز ص ۱ :۔ چوں احد از ذات بیحد سر کشید۔ احد احمد با صفاتش شد پدید۔ یعنی جب احد ذات بے حد سے ظاہر ہوا تو احد احمد کی صورت میں اپنی صفات کے ساتھ ظاہر ہوا۔

(۷) تفسیر الرموز ص ۲ :۔ حضرت موصوفہ میگویند۔ اللّٰہ محمدؐ و محمد اللّٰہ زیرا کہ مردِ حقیقت مسلوب مسلم را امکان بشریت نیست۔ ذات حضرت واجب تعالیٰ است جل سلطانہ کہ بر تقدیر شعور نور محمدؐ است۔ بلا کیف و بلا جہت و بلا مکان دریں مرتبہ بر گفتن اللّٰہ محمدؐ و محمدؐ اللّٰہ طعن علمائے قشر نیز دار نمیگردد و منکر یگانگت ہر دو مرتبہ عالیین داخل کفر مے شود یعنی اگر شخصے گوید۔ اللّٰہ محمدؐ نیست از جہت وحدت نعوذ باللّٰہ منہا او کافر است لَا رَیْبَ فِیْہِ زیرا کہ دریں مرتبہ نور محمدی علیہ الصلوٰۃ والسلام از الائش بشریت پاک است۔ (بحوالہ تحقیق العارفین

حالانکہ ہم کسی چیز کو خدا نہیں کہتے ۔ خدا کو ہی خدا کہتے ہیں اور وہی ظاہر ہے اور وہی باطن اور بعض تو یہاں تک بھی لکھ گئے ہیں

انفاس العارفین ص۱۰۹ و ۱۱۰ سطر ۱۲ مطبوعہ مجتبائی دہلی ۱۳۳۵ھ مصنفہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی | در تاویل شطح عین القضاۃ ہمدانی آنرا کہ شما خدا مے

دانید نزدیک ما محمدؐ است صلی اللہ علیہ وسلم وآنکہ شما محمد میدانید۔ نزدیک ما خدا است میفرمودندی صلے اللہ علیہ وسلم مرآت حضرت وجود است ومظہر اتم دے است وحقیقت محمدیہ تعین اول وجامع تعینات ومظاہر است وہمہ از نور دے ظاہر شدہ بایں اعتبار چنیں گفتہ است

ترجمہ :- حضرت عین القضات ہمدانی رح کی اس شطح کی تاویل میں کہ جسے تم خدا سمجھتے ہو۔ وہ تمہارے نزدیک محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اور جس کو تم صلی اللہ علیہ وسلم سمجھتے ہو۔ وہ ہمارے نزدیک خدا ہے۔ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم حضرت وجود کا آئینہ اور اس کے مظہر اتم ہیں۔ اور حقیقت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم تعین اوّل ہے۔ اور تمام تعینات اور مظاہر کی جامع ہے اور سب آپ کے نور سے ظاہر ہوتے ہیں۔ اس اعتبار سے انہوں (حضرت عین القضات ہمدانی) نے ایسا کہا ہے۔

شیخ الاکبر وما رمیت کی تفسیر فرماتے ہیں۔

۹۔ فتوحات مکیہ جلد ثانی باب ۱۳۱ ص ۲۱۶ سطر ۱۳ | وَمَا رَمَيْتَ فَنَفَىٰ إِذْ رَمَيْتَ فَأَثْبَتَ وَ

لٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى۔ فَنَفٰى كَوْنَ مُحَمَّدٍ وَاَثْبَتَ نَفْسَهٗ عَيْنَ مُحَمَّدٍ

وَجَعَلَ لَهٗ اسْمَ اللّٰهِ

یعنی اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَمَا رَمیت آپ نے نہیں پھینکی۔ پس نفی کی۔

اذ رمیت یعنی آپ نے پھینکی۔ پس ثابت کیا۔ ولکن اللہ رمی یعنی وہ اللہ نے پھینکی۔ پس محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ہونے کی نفی کی اور اپنی ذات کو عین محمد صلی اللہ علیہ وسلم ثابت کیا اور حضور کے لیے اللہ اللہ قرار دیا۔ اور فتوحات میں اس آیت کا مطلب یوں فرماتے ہیں۔

فتوحات مکیہ ج ۲ باب ۱۹۸ ص ۲۲۴ سطر ۱۶ | مَا اَنْتَ اِذْ اَنْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہ اَنْتَ۔ یعنی (اے حبیب)

آپ آپ نہیں ہیں بلکہ آپ اللہ ہیں۔ یہاں انہوں نے اللہ کو ہی اللہ کہا ہے۔ کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بشریت کی تو نفی فرمادی۔

۱۱۔ تفسیر شیخ الاکبر محی الدین ابن عربی رح (۱) ص ۳۹۱ ج ۲ بیروت (۲) ص ۹۸ ج ۲ سطر ۲۴ مطبوعہ مصر (۳) مطبوعہ نولکشور ص ۳۱۸ ج ۲ | حٰمٓ۔ ای الحق المحتجب بمحمد صلی اللہ علیہ وسلم فھو حق بالحقیقۃ محمد بالخلیقۃ۔

حٰم کی تفسیر میں فرمایا کہ حق تعالیٰ حضور صلی اللہ علیہ وسلم میں چھپا ہوا ہے۔ پس آپ حقیقت میں حق ہیں اور خلقیت میں محمد ہیں (المومن)

۱۲۔ تفسیر شیخ الاکبر ص ۱۰۲ سطر ۱۷ مطبوعہ مصر۔ مطبوعہ نولکشور ص ۳۲۹ ج ۲ مطبوعہ بیروت ص ۴۰۷ ج ۲ | حٰمٓ۔ ظھور الحق المحتجب بالصورۃ المحمدیۃ صلی اللہ علیہ وسلم

حاشیہ صفحہ سابقہ: یہ عبارت مکتوبات مجدد صاحب دفتر دوم ص ۱۵۳ مطبوعہ نولکشور میں بھی ہے۔ تمہیدات عین القضات ہمدانی رح ص ۳۲۰ سطر ۱۵ مطبوعہ ایران۔ زبدۃ الحقائق ص ۲۲۶ سطر ۶ عین القضات ہمدانی رح مطبوعہ حیدر آباد دکن۔

یعنی حٰم کا مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ظہور صورت محمدی میں ہے (حٰم سجدہ)

۱۳ تفسیر ابن عربی ج مطبوعہ مصر ۱۰ سطر ۹ مطبوعہ نولکشور ص ۲۴۳ ج ۲ بیروت ص ۲۲۶ ج ۲ | حٰم ۔ عسق ۔ اَیِ الْحَقُّ ظَهَرَ بِمُحَمَّدٍ ظُهُوْرَ عِلْمِهٖ بِسَلَامَةِ قَلْبٍ فَالْحَقُّ مُحَمَّدٌ صلی اللہ علیہ وسلم ظَاهِرًا وَّ بَاطِنًا ۔ یعنی حق تعالیٰ حضورؐ کے ساتھ ظاہر ہوا۔ جیسا کہ علم الٰہی کا ظہور آپ کی سلامتی قلب کے ساتھ ہے پس حق تعالیٰ ظاہر اور باطن میں محمد صلے اللہ علیہ وسلم ہے۔ (شوریٰ)

۱۴ تفسیر ابن عربی مطبوعہ مصر ص ۱۳۰ ج ۲ سطر ۲۱ ۔ نولکشور ص ۲۰۱ جلد ۲ ۔ بیروت ص ۵۲۶ ج ۲ | قٓ ۔ اشَارَةٌ اِلَى الْقَلْبِ الْمُحَمَّدِيِّ الَّذِيْ هُوَ الْعَرْشُ الْاِلٰهِيُّ الْمُحِيْطُ بِالْكُلِّ كَمَا اَنَّ حٰمٓ اِشَارَةٌ اِلٰى صُوْرَتِهٖ صلی اللہ علیہ وسلم ۔

یعنی قٓ قلب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اشارہ ہے اور وہ عرش الٰہی ہے جو کہ ہر شے پر محیط ہے۔ جیسا کہ حٰمٓ صورت محمدیؐ کی طرف اشارہ ہے۔

۱۵ تفسیر ابن عربی ص ۲۰۱ ج ۲ ۔ سطر ۱۱ مطبوعہ ۔ بیروت ص ۸۲۳ ج ۲ | اَیِ الْمُحْتَجِبُ بِصُوْرَةِ الْخَلْقِ يَعْنِيْ ظَهَرْتُ بِصُوْرَتِكَ فَقُمْ بِيْ فِيْ صُوْرَةِ الْخَلْقِ ۔ یعنی اللہ تعالیٰ صورت خلق کے پردہ میں ہے۔ یعنی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں آپ کی صورت میں ظاہر ہوا ہوں۔ پس آپ میرے ساتھ صورت خلق میں قائم ہوں (علق)

۱۶ تفسیر عرائس البیان ص ۱۲۰ ج ۱ سطر ۸ مطبوعہ۔ نول کشور لکھنؤ ۔ | كَانَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وَسَلَّمَ مِرْاٰةَ الْحَقِّ يَتَجَلّٰى

بِجَلَالِہٖ وَجَمَالِہٖ لِلْاُمَنَاءِ وَالصِّدِّیْقِیْنَ مِنْہُ یَرَوْنَ اللّٰہَ بِرُؤْیَتِہٖ بِقَوْلِہٖ عَلَیْہِ السَّلَامُ مَنْ رَّاٰنِیْ فَقَدْ رَاَی الْحَقَّ ۔ یعنی نبی صلے اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کا آئینہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے جلال اور جمال کے ساتھ امینوں اور صدیقوں کے لیے ظاہر ہوتا ہے۔ اور وہ حضورؐ کو دیکھنے سے اللہ تعالیٰ کو دیکھ لیتے ہیں کیونکہ آپ نے خود ہی فرمایا ہے کہ جس نے مجھ کو دیکھا۔ اس نے خدا کو دیکھا۔

شیخ روزبہان بقلی شیرازیؒ ایک بہت بڑے بزرگ ولی کامل اور عارف باللہ ہوئے ہیں۔ جن کی وفات ۶۰۶ھ میں ہے جن کی بابت مولنا جامیؒ فرماتے ہیں

۱۷ - **نفحات الانس** فارسی ص۱۷۱ مطبوعہ شیخ الٰہی بخش ، لاہور ۔ | شیخ ابوبکر بن طاہر کہ از اصحاب شیخ بود گفتہ است

کہ ہر سحر بنوبت با شیخ قرآن می خواندم یک عشروی ذیک عشر من چوں وے فوت شد دنیا بر من تنگ شد۔ آخر شب برخاستم ونماز گزارم۔ پس بسر تربت شیخ بنشستم۔ وآغاز قرآن خواندن کردم۔ وگریہ بر من افتاد کہ از وے تنہا ماندہ بودم چوں عشر تمام کردم آواز شیخ شنیدم۔ کہ از قبر مے آمد۔ کہ عشر دیگر مے خواند۔ تا آں زماں کہ عشر دیگر مے خواند۔ تا آں زماں کہ اصحاب جمع شدند آواز منقطع شد۔ ومدتے حال بدیں گونہ بود۔ روزے با یکے از احباب آنرا باز گفتم۔ بعد ازاں دیگر نشنیدم[۱۲]

یعنی آپ کے شاگرد شیخ ابوبکر بن طاہر فرماتے ہیں کہ دس دن میں اور دس دن باری باری میرے شیخ روزبہان بقلی شیرازی قرآن پڑھا کرتے تھے۔ جب آپ کی وفات ہوگئی۔ تو میں بہت پریشان ہوا۔ تو آپ کی قبر پر اسی طرح دس دن پڑھا۔ اور پھر قبر سے آپ نے اسی طرح دس دن پڑھا۔ کافی دیر تک ایسا ہوتا رہا۔ آخر لوگوں کو بتانے سے بات ختم ہوگئی۔

۱۸۔ تفسیر عرائس البیان ص ۲۶۲ ج ۲ سطر ۱۳ نول کشور لکھنؤ۔ | اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَکَ کی تفسیر میں فرمایا

بَیَّنَ اَمْرَ عَیْنِ الْجَمْعِ وَ مَقَامَ الْاِلْتِبَاسِ وَظُهُوْرَ الْعَیْنِ وَظُهُوْرَ جَمْعِ الْجَمْعِ فِیْ عَیْنِ الْجَمْعِ حِیْنَ جَعَلَ نَبِیَّهٗ مِرْاٰةً لِظُهُوْرِ ذَاتِهٖ وَصِفَاتِهٖ۔ یعنی اس میں اللہ تعالیٰ نے عین جمع اور مقام التباس اور ظہور العین اور عین الجمع میں جمع الجمع کا ظاہر ہونا بیان فرمایا ہے۔ جب کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی ذات اور صفات کے ظہور کا آئینہ بنایا۔

۱۹۔ تفسیر عرائس البیان صفحہ ۴۷۶ ج ۲ سطر ۱۵ | وَوَجَدَکَ ضَآلًّا کی تفسیر میں فرمایا وَوَجَدَکَ مُتَحَیِّرًا

عَنْ اِدْرَاکِ حَقِیْقَتِنَا فَکَحَلْنَاکَ بِکُحْلِ اَنْوَارِ رُبُوْبِیَّتِنَا اَدْرَکْتَنَا۔ یعنی ہم نے آپ کو اپنی حقیقت کے ادراک میں متحیر پایا۔ تو آپ کی آنکھوں میں اپنی ربوبیت کے انوار کا سرمہ لگایا۔ حتیٰ کہ آپ نے ہمارے ساتھ ہماری ذات کا ادراک کیا۔ یعنی آپ میں میں ہی ادراک کرنے والا ہوں۔ کیونکہ سب میں ہی ہوں۔

۲۰۔ تفسیر عرائس البیان ص ۵۹۸ ج ۱ سطر ۲۰۔ مطبوعہ نولکشور | اِنَّمَا اِلٰهُکُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ اَیْ مَنْ

نَظَرَ اِلٰی غَیْرِهٖ وَاِنْ کَانَ مُتَلَبِّسًا بِنُوْرِهٖ مُتَلَبِّسًا بِسَنَائِهٖ فَقَدْ اَشْرَکَ فِی التَّوْحِیْدِ۔

ترجمہ:۔ بے شک تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے۔ یعنی جس نے غیر کو دیکھا اگرچہ وہ نور خداوندی سے ملبوس ہے۔ اس نے توحید میں شرک کیا۔

۲۱۔ تفسیر عرائس البیان صفحہ ۱۶۰ سطر ۱۳ ج ۲ { زیر آیت ۲ انا ارسلنک شاھدا (احزاب)، وَمَنْ نَظَرَ اِلَیْکَ فَقَدْ نَظَرَ اِلَیْنَا لِذَالِكَ قَالَ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ مَنْ عَرَفَنِیْ فَقَدْ عَرَفَ الْحَقَّ وَمَنْ رَاٰنِیْ فَقَدْ رَاَی الْحَقَّ۔

یعنی جس نے آپ کی طرف نظر کی اُس نے ہماری (اللہ کی) طرف نظر کی۔ اسی لیے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس نے مجھے پہچانا۔ اس نے خدا کو پہچانا، جس نے مجھ کو دیکھا اُس نے خدا کو دیکھا۔

۲۲۔ فتوحات مکیہ صفحہ ۱۲۷ ج ۴ سطر ۳۱ باب ۳۰۷ { اَنْتَ تَحْسَبُہٗ مُحَمَّدًا الْعَظِیْمَ الشَّانَ کَمَا تَحْسَبُ السَّرَابَ مَاءً فَھُوَ مَاءٌ فِیْ رَاْیِ الْعَیْنِ فَاِذَا جِئْتَ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمْ یَجِدْ مُحَمَّدًا وَوَجَدْتَ اللّٰہَ فِیْ صُوْرَۃٍ مُحَمَّدِیَّۃٍ وَرَاَیْتَہٗ بِرُؤْیَۃٍ مُحَمَّدِیَّۃٍ کَمَا اَنَّكَ اِذَا جِئْتَ اِلَی السَّرَابِ لِتَجِدَہٗ کَمَا اَعْطَاكَ النَّظَرُ لَمْ تَجِدْ فِیْ شَیْئِیَّتِہٖ مَا اَعْطَاكَ النَّظَرُ وَوَجَدْتَ اللّٰہَ عِنْدَہٗ۔

یعنی تو گمان کرتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم عظیم الشان ہیں جیسا کہ تو سراب کو پانی خیال کرتا ہے حالانکہ وہ صرف دیکھنے میں پانی معلوم ہوتا ہے۔ پس (ایسے ہی) جب تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے گا تو حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو نہ پائے گا اور اللہ تعالیٰ کو محمد کی صورت میں پائے گا۔ اور تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھنے سے اللہ تعالیٰ کو دیکھ لے گا۔ جیسے کہ تو سراب کے پاس آتا ہے: تاکہ تو اس چیز کو پائے جو تجھ کو نظر نے عطا کی ہے

یعنی پانی نہیں ملتا اور تو وہاں اللہ ہی کو پاتا ہے۔

۲۳۔ الانسان الکامل عربی صفحہ ۱۳۰ سطر ۶، باب ۴۰ مطبوعہ مصر | لِاَنَّ اللّٰهَ حَقِيْقَتُهٗ وَهُوَ الْمُرَادُ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا ثَمَّ غَيْرُهٗ فَهُوَ الْمُعْتَبَرُ بِالْمَرْتَبَتَيْنِ وَهُوَ الْمَوْجُوْدُ فِي الْمَمْلَكَتَيْنِ فَهُوَ الْحَقُّ وَهُوَ الْخَلْقُ

۲۴۔ انسان کامل اردو صفحہ ۲۱۴ باب ۴۰ عبدالکریم جیلی | اس لیے کہ اللہ تعالیٰ اس کی حقیقت ہے اور وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے مراد ہے اور وہاں کوئی اس کا غیر نہیں ہے۔ اور دونوں مرتبوں خلق وحق میں وہی معتبر ہے۔ ان دونوں مملکتوں میں وہی موجود ہے۔

۲۵ جواہر البحار صفحہ ۲۶۰ ج ۳ صفحہ ۴۲۰ ج ۳ سطر ۲۲ | فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَمَّا اَوْجَدَ حَقِيْقَتَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهٗ اَعْطَيْتُكَ اَسْمَائِيْ وَصِفَاتِيْ فَمَنْ رَاٰكَ رَاٰنِيْ وَمَنْ عَلِمَكَ عَلِمَنِيْ وَمَنْ جَهِلَكَ جَهِلَنِيْ ۔

ترجمہ: پس بیشک جب اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حقیقت کو ایجاد کیا تو آپ نے فرمایا کہ میں نے آپ کو اپنے اسماء وصفات عطا کیے۔ پس جس نے آپ کو دیکھا اُس نے مجھ کو دیکھا جس نے آپ کو جانا اُس نے مجھ کو جانا اور جو آپ سے جاہل رہا۔ وہ مجھ سے جاہل رہا۔

۲۶۔ اصطلاحات صوفیہ صفحہ ۸۳ سطر ۱۶ | صُوْرَةُ الْحَقِّ هُوَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔ یعنی حق تعالیٰ کی صورت وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

---

۲۷ = جواہر غیبی ص ۲۸۲ مطبوعہ نولکشور سید منظہر علی شاہ | در حدیث قدسی وارد است یا محمد انت انا و انا انت

یعنی حدیث قدسی میں وارد ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے محمد تو میں ہوں اور میں تو ہوں۔

۲۸ = کلیات جامی ص ۱ } چشم خدا بیں بجز خدائے نہ بیند: چوں زمیاں بر فتد نقاب محمد۔

۲۹ = تحفۃ الاحرار جامی ص ۱۷ } نقطۂ وحدت چوں قدافراختہ۔ از پئے احمد الفے ساختہ۔

۳۰ = دیوان احمد جام ص ۴۲ } احمد از احد جدا نیابی۔ از راہ مویدی نگہ کن

۳۱ = اخبار الاخیار ص ۳ } حق را بچشم گرچہ ندیدند۔ لیکنش از دیدن جمال محمد شناختند۔

ص ۲ شرح۔ علم معلوم قدیم تو جان

۳۲ الانسان الکامل عربی باب ۱۳ ص ۶۰ } وَعِلْمُہٗ مَوْجُوْدٌ بِوُجُوْدِہٖ سُبْحَانَہٗ فَھُوَ قَدِیْمٌ وَالْعِلْمُ قَدِیْمٌ اَلْمَعْلُوْمُ مِنَ الْعِلْمِ لَاحِقٌ بِالْعِلْمِ فَھُوَ قَدِیْمٌ لِاَنَّ الْعِلْمَ لَا یَکُوْنُ عِلْمًا اِلَّا اِذَا کَانَ لَہٗ مَعْلُوْمٌ

(۳۳) انسان کامل اردو ص ۱۰۶ } ظاہر ہے کہ حق سبحانہ و تعالے کا علم قدیم ہے پھر معلوم جس کے ساتھ علم کا تعلق ہے وہ بھی قدیم ہو گا۔ پس وہ شخص متجلی لہ بھی اس حالت میں قدیم ہوتا ہے۔ اور اس اعتبار سے جمیع موجودات علم الٰہی میں قدیم ہے۔

۱۳۔ المرتبۃ الثالث والتعین الثانی وحدیت

مرتبہ سوم تعین ثانی
اسدا نام واحدیت جانی

وحدت واحدیت سمجھ پچھان
دونویں مراتب علمی جان

اپنے آپ دے وچہ خدا
تفصیلی طور ڈٹھی اشیاء

صور علمیہ بھی ہے نام
اعیان ثانیہ کہن تمام

جو صورت در علم نمود
ذات میں تھیں وہ سب موجود

صور تعینات تمام
ذات کے بیچ تھیں وہ مدام!

جو کچھ ذات میں تھا مستور
علم ذات میں ہوا ظہور

دونوں مراتب کمال ذاتی
حقیقت انسانیہ ہے پچھاتی

حقی تنزل یہی تینوں جان
وارد واری ہوئے بیان

۲۔ شرح مرتبۂ ثالث اور تعین ثانی یعنی وحدیت

تحفہ مرسلہ شریف صـ ۲۹ ۔ وَالْمَرْتَبَةُ الثَّالِثَةُ مَرْتَبَةُ التَّعَيُّنِ الثَّانِيْ وَهِيَ عِبَارَةٌ عَنْ عِلْمِهٖ تَعَالٰى لِذَاتِهٖ وَصِفَاتِهٖ وَبِجَمِيْعِ الْمَوْجُوْدَاتِ عَلٰى طَرِيْقِ التَّفْصِيْلِ وَامْتِيَازِ بَعْضِهَا عَنْ بَعْضٍ وَهٰذِهِ الْمَرْتَبَةُ تُسَمّٰى بِالْوَاحِدِيَّةِ وَالْحَقِيْقَةِ الْاِنْسَانِيَّةِ

ترجمہ : اور تیسرا مرتبہ تعین ثانی کا مرتبہ ہے ۔ اور اس سے مراد اللہ تعالیٰ کا اپنی ذات اور صفات اور تمام موجودات کا تفصیلی طور پر اور ایک دوسرے میں فرق کرنے کا علم ہے اور اس مرتبے کا نام وحدیت اور حقیقت انسانیہ رکھا جاتا ہے ۔

مکتوبات شاہ فقیر اللہ علوی مکتوب چہارم { وَاِذَا بَرَزَ فِي الْمَرْتَبَةِ الثَّالِثَةِ يُسَمّٰى بِالتَّعَيُّنِ الثَّانِي الْمُعَبَّرِ عَنْ عِلْمِ الذَّاتِ بِذَاتِهٖ وَصِفَاتِهٖ وَمَا فِيْهِ مِنَ الْمَوْجُوْدَاتِ بِالتَّفْصِيْلِ وَالْاِمْتِيَازِ اَيْ مَا كَمُنَ يَتَمَيَّزُ فِيْ ذٰلِكَ مُتَمَيِّزٌ فِيْ هٰذَا ۔ كَالشَّجَرَةِ وَاَغْصَانِهَا وَاَوْرَاقِهَا وَاَزْهَارِهَا وَاَثْمَارِهَا فِي النَّوَاةِ تَنْفَصِلُ وَيُسَمّٰى اَيْضًا بِالْوَاحِدِيَّةِ وَعَالَمِ الْجَبَرُوْتِ وَاَيْضًا بِالْجَمْعِ كَمَا يُسَمَّى الْاَوَّلُ بِجَمْعِ الْجَمْعِ ۔

ترجمہ : اور جب تیسرے مرتبہ میں ظہور فرمایا تو اسی کو تعین ثانی کہتے ہیں اور وہ ذات حق کا اپنی ذات اور صفات اور جو ایسی موجودات ہیں ۔ ان تمام کو امتیاز اور تفصیل کے طریقے سے جان لینے کیلئے مراد ہے یعنی جو کچھ تعین اول میں مجمل تھا ۔ وہ تعین ثانی میں مفصل ظاہر ہوا جیسے درخت اور اسکی شاخیں اور پتے اور پھول اور پھل گٹھلی سے ظاہر ہوتے ہیں اور اس مرتبہ یعنی تعین ثانی کو واحدیت اور عالم جبروت کہتے ہیں اور مقام جمع بھی کہتے ہیں ۔ جیسا کہ تعین اول کو جمع الجمع کہتے ہیں ۔

۱۵۔ المرتبۃ الرابع والتعین الثالث روح

تعین سوم تے مرتبہ چار
کر روح اسدا نام شمار

خلقی تشبیہی نالے مان
ظہور دا رتبہ پہلا جان

جو صور وچہ علم دے آئیں
کن کہا پھر انہاں تائیں

اپنے آپ نوں کن فرمایا
آپے وچہ ظہور دے آیا

مجمل و بسیط ارواح توں جان
ظاہر ہوئی جو فی الاکوان

قلم الاعلیٰ نام پچھان
نالے روح الروح توجان

روح اوّل لامکانی!
سب روحاں دی جامع جانی

اک جہت سے حق پچھان

دوجی جہت سے خلق تو مان

۱۶: شرح مرتبہ چہارم اور تعین سوم یعنی رُوح

تحفہ مرسلہ صد ۳۴ : وَالْمَرْتَبَةُ الرَّابِعَةُ مَرْتَبَةُ الْاَرْوَاحِ وَهِيَ عِبَارَةٌ عَنِ الْاَشْيَاءِ الْكَوْنِيَّةِ الْمُجَرَّدَةِ الْبَسِيْطَةِ الَّتِيْ ظَهَرَتْ عَلٰى ذَوَاتِهَا وَ عَلٰى اَمْثَالِهَا ۔

ترجمہ : اور چوتھا مرتبہ ارواح کا مرتبہ ہے اور اس سے مراد عالم کون کی چیزیں ہیں۔ جو مجرد ہیں۔ بسیط ہیں۔ جو اپنی ذاتوں اور مثلوں پر ظاہر ہوتی ہیں ۔

مکتوبات شاہ فقیر اللہ علوی مکتوب ۴ ۔ | ثُمَّ ظَهَرَ فِي الْمَرْتَبَةِ الرَّابِعَةِ الْمُسَمّٰى بِالْاَرْوَاحِ الْمُعَبَّرِ عَنِ الْاَشْيَاءِ الْكَوْنِيَّةِ الْمُجَرَّدَةِ الْبَسِيْطَةِ وَهُوَ الْمُسَمّٰى عِنْدَهُمْ بِعَالَمِ الْمَلَكُوْتِ وَ اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ وَ النَّفْسِ النَّاطِقَةِ وَعَالَمِ الْاَمْرِ ۔ یعنی پھر چوتھے مرتبہ میں ظہور فرمایا ۔ اور اس کا نام ارواح ہے اور وہ اشیاء کونیہ مجردہ بسیط سے مراد ہے۔ اور ان کے نزدیک اُس کا نام عالم ملکوت اور لوح محفوظ اور نفس ناطقہ اور عالم امر ہے ۔

۱۷ المرتبۃ الخامس و التعیّن الرابع عالَم مثال

پنجواں رتبہ عالَم مثال عالم روح میں ہیسی جو	چوتھا تعین کرو خیال اجمالی کُلی طور سی وہ

عالم مثال کو ایسے جان
تفصیلی جزوی طور پچھان

روح میں تھا جو مستور
عالم مثال میں ہوا ظہور

اس میں کل اشکال لطیف
لاتجزی لاکثیف

روح مثال لباس ذات
سوچو سمجھو تم یہ بات

انور کیتے خوب بیان!
وکھو وکھرے سب نوں جان

شرح مرتبہ پنجم تعین چہارم عالمِ مثال

تحفہ مرسلہ شریف ص ۴۰
حضرت ابو سعید مبارک رح

وَالْمُرْتَبَۃُ الْخَامِسَۃُ عَالَمُ الْمِثَالِ وَھِیَ عِبَارَۃٌ عَنِ الْاَشْیَاءِ الْکَوْنِیَّۃِ الْمُرَکَّبَۃِ اللَّطِیْفَۃِ الَّتِیْ لَا تُقْبَلُ التَّجْزِیُ وَلَا التَّبْعِیْضَ وَلَا الْخَرْقَ وَلَا الْاِلْتِیَامَ

ترجمہ: پانچواں مرتبہ عالم مثال کا ہے۔ اور اس سے مراد اشیاء کونیہ مرکبہ لطیفہ ہیں جو نہ ٹکڑے ٹکڑے ہونے اور پھٹنے اور جڑنے کو قبول کرتی ہیں۔

۱۹۔ اَلْمَرْتَبَۃُ السَّادِسَۃُ وَالتَّعَیُّنُ الْخَامِسُ عَالَمُ الْاَجْسَامِ

چھیواں رتبہ عالم اجسام! ||| کائنات کی شکل تمام
عالم مثال اشکال لطیف ||| پا لیا جس لباس کثیف
جیسے پانی جان لطیف ||| صورت برف ہیں ہوا کثیف
عالم مثال کی شکلیں سب ||| عالم اجسام ہیں کثیف ہیں اب
برف پگھلے تے پانی ہو ||| اجسام ٹوٹے مثال ہیں ہو
جو کجھ ظاہر وچہ جہان ||| وکھو وکھری سبھ دی شان
حلال حرام دی رکھ تمیز ||| درجہ بدرجہ ہر اک چیز
مومن کافر وکھو وکھ!! ||| تھاؤں تھائیں سب نوں رکھ
جُدا جُدا ہے سب دی شان ||| حقیقت سبھ دی اک پچھان
لیکن سب ہیں اکو ذات ||| کامل سمجھن سبھ یہ بات
عاشق ویکھن ہر تھاں ذات ||| خشک ملاں نہ سمجھے بات
بھُلے ملاں بیچارے سب ||| صورت وچہ نہ ویکھن رب

وکھو وکھرے اتوں سب
انوں ہر تھاں ویکھے رب

۲۰۔ شرح مرتبہ ششم تعین پنجم عالم اجسام

تحفہ مرسلہ شریف ص۴۵ { وَالْمَرْتَبَۃُ السَّادِسَۃُ مَرْتَبَۃُ عَالَمِ الْاَجْسَامِ وَھِیَ عِبَارَۃٌ عَنِ الْاَشْیَاءِ الْکَوْنِیَّۃِ الْمُرَتَّبَۃِ الْکَثِیْفَۃِ الَّتِیْ یَقْبَلُ التَّجَزِّیْ وَالتَّبْعِیْضَ

ترجمہ :۔ اور چھٹا مرتبہ عالم اجسام کا ہے اور اس سے مراد اشیاء کونیہ کثیف ہیں جو ٹکڑے ٹکڑے ہونے کو اور جدا جدا ہونے کو قبول کرتی ہیں

۲۱ وَالْمَرْتَبَۃُ السَّابِعَۃُ

تحفہ مرسلہ شریف ص۴۹ { وَالْمَرْتَبَۃُ السَّابِعَۃُ الْجَامِعَۃُ مَرْتَبَۃُ الْبِحَارِ مَعِیَّۃِ لِجَمِیْعِ الْمَرَاتِبِ الْمَذْکُوْرَۃِ الْجِسْمَانِیَّۃِ الرُّوْحَانِیَّۃِ وَلُوَاحِدَۃِ وَالْوَاحِدِیَّۃِ وَھُوَ التَّجَلِّیْ الْاَخِیْرَۃُ وَاللِّبَاسُ الْاَجَادَۃِ وَھِیَ الْاِنْسَانِ

ترجمہ :۔ اور ساتواں مرتبہ ان تمام مراتب مذکورہ جسمانیہ نورانیہ روحانیہ وحدت : واحدیت کا مرتبہ جامعیت ہے۔ وہ پچھلی تجلی اور لباس ہے اور اس کا نام انسان ہے ۔

انسان کامل ان تمام مراتب کا جامع ہے۔ جب وہ عروج کرتا ہے۔ تو اس میں تمام مراتب مذکورہ اپنے پھیلاؤ کے ساتھ ظاہر ہو جاتے ہیں۔ اور اس کو

انسان کامل کہا جاتا ہے۔

جلاء المرات شرح مرات العارفین ص۲

ے ظہور تو بمن است وجود من از تست۔ فلست تظہر لولائی لم اکن لولاک اور حدیث قدسی بیں ہے۔ لَوْلَاکَ لَمَا ظَهَرَتْ رُبُوْبِیَّتِیْ یعنی اگر نہ ہوتا تو البتہ نہ ظاہر ہوتی میری ربوبیت اور فرمایا حق سبحانہ نے وَمَا ظَهَرَتْ کَظُهُوْرِیْ فِی الْاِنْسَانِ۔ یعنی نہیں ظاہر ہوتی میری ربوبیت اور فرمایا حق سبحانہ نے وَمَا ظَهَرْتُ کَظُهُوْرِیْ فِی الْاِنْسَانِ۔ یعنی نہیں ظاہر ہوا ہوں انسان میں۔"

۲۲۔ بیان وسیلہ شیخ کامل

(مائدہ ص۶) یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْا اِلَیْهِ الْوَسِیْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِیْ سَبِیْلِهٖ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ۔

ترجمہ: اے لوگو! جو ایمان لائے ہو ڈرو اللہ سے۔ ڈھونڈو طرف اس کی وسیلہ اور محنت کرو بیچ راہ اس کی کے تو کہ تم فلاح پاؤ ترجمہ

۲۔ صراط مستقیم فارسی ص۵ سطر ۹ مطبوعہ مجتبائی دہلی مصنفہ مولوی اسمعیل صاحب دہلوی] در باید فہمید بیانش آنکہ مرشد بلا ریب وسیلہ راہ خدا تعالیٰ است اہل سلوک ایں ایت اشارت بسلوک می فہمند و وسیلہ مرشد را می دانند پس تلاش مرشد بناء بر فلاح ۔۔۔ لہٰذا بدوں مرشد راہ یابی نادر است۔

ترجمہ صراط مستقیم اردو صـ ۵۹ سطر ۱۰ مطبوعہ دیوبند | بے شک مرشد اللہ تعالیٰ کے رستے کا وسیلہ ہے۔ اہل سلوک اس

آیت کو سلوک کی طرف اشارہ سمجھتے ہیں اور وسیلہ ہر مرشد کو جانتے ہیں پس حقیقی نجات کے لیے مجاہدہ سے پہلے مرشد کا ڈھونڈنا ضروری ہے اور سنت اللہ بھی اسی طرز پر جاری ہے۔ اسی واسطے رہبر کے سوا رستہ پا لینا نہایت نادر اور کمیاب ہے"۔

۴۔ **منصب امامت صـ ۵ سطر آخر مولوی اسمٰعیل صاحب** | مراد از وسیلہ شخصے است کہ اقرب الی اللہ باشد۔

ترجمہ: وسیلہ سے مراد وہ شخص ہے جسے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل ہو۔

قول الجمیل صـ ۲۱ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی | وسیلہ سے مراد ارادت اور بیعت مرشد کی ہے پھر اس کے بعد مجاہدہ اور ریاضت ہے۔ معلوم ہوا کہ شیخ کامل خدا تعالیٰ کی پہچان کا وسیلہ ہے۔ یعنی وہ بے صورت ذات بغیر صورت کے نظر نہیں آ سکتی۔

مشکوٰۃ شریف صـ ۳۲۰ { مَنْ مَاتَ وَلَيْسَ فِي عُنُقِهٖ بَيْعَةٌ مَاتَ مِيْتَةً جَاهِلِيَّةً" یعنی جو مرا اور اس کی گردن میں بیعت نہیں یعنی کسی سے بیعت نہیں کی تو وہ جاہلیت کی موت مرا۔

توبہ ۱۱/۱۵ { يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ : اے ایمان والو ڈرو اللہ سے اور ہو جاؤ ساتھ سچوں کے اس آیت میں بھی اللہ تعالیٰ نے اولیائے کرام کی صحبت میں رہنے کا حکم دیا ہے اور فرمایا کہ میں بھی ان کے ساتھ ہوتا ہوں۔ یعنی اس نے اپنے ملنے کا ٹھکانہ بتایا ہے۔

بخاری شریف صہ ۹۶۳ ج ۲ سطر ۲ مطبوعہ دہلی
مشکوٰۃ شریف صہ ۱۹۷ مطبوعہ دہلی
جواھر البحار صہ ۳۳۱ ج ۲ سطر ۴ مطبوعہ مصر
تفسیر ابن عربی صہ ۸ ج ۱ مطبوعہ مصر

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ فَاِذَا اَحْبَبْتُهٗ فَکُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِیْ یَسْمَعُ بِهٖ وَبَصَرَهُ الَّذِیْ یُبْصِرُ بِهٖ وَیَدَهُ الَّتِیْ یَبْطِشُ بِهَا وَرِجْلَهُ الَّتِیْ یَمْشِیْ بِهَا۔

یعنی حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔ کہ مجھے جب ان لوگوں سے محبت ہو جاتی ہے۔ تو ان کے دونوں کان میں بن جاتا ہوں جن سے وہ دیکھتا ہے اور اس کے دونوں ہاتھ میں ہو جاتا ہوں جن سے وہ پکڑتا ہے۔ اور اس کے دونوں پاؤں بھی میں ہو جاتا ہوں جن سے وہ چلتا ہے۔ امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ اس مندرجہ بالا حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں۔

۸ تفسیر کبیر صہ ۶۸۷ مطبوعہ مصر { فَاِذَا اَحْبَبْتُهٗ کُنْتُ لَهٗ سَمْعًا وَبَصَرًا وَلِسَانًا وَقَلْبًا وَیَدًا وَرِجْلًا بِیْ یَسْمَعُ وَبِیْ یُبْصِرُ بِیْ یَنْطِقُ وَبِیْ یَمْشِیْ وَھٰذَا الْخَبَرُ یَدُلُّ عَلٰی اَنَّهٗ لَمْ یَبْقَ فِیْ سَمْعِهِمْ نَصِیْبٌ لِغَیْرِ اللّٰہِ وَلَا بَصَرِهِمْ وَلَا فِیْ سَائِرِ اَعْضَائِهِمْ اِذْ لَوْ بَقِیَ هُنَاكَ نَصِیْبٌ لِغَیْرِ اللّٰہِ تَعَالٰی کَمَا قَالَ اَنَا سَمْعُهٗ وَبَصَرُهٗ۔

ترجمہ: جب وہ میرا محبوب ہو جاتا ہے۔ تو میں اس کے کان اور آنکھ اور زبان اور دل اور ہاتھ اور پاؤں ہو جاتا ہوں۔ وہ مجھ سے سنتا ہے مجھ سے دیکھتا ہے۔ مجھ سے بولتا ہے۔ اور مجھ سے چلتا ہے۔ اور یہ حدیث اس بات پر دلالت

کرتی ہے۔ ذکر ان بندگانِ مقربین بارگاہ ایزدی کی آنکھوں کانوں بلکہ تمام اعضاء میں غیر اللہ کے لیے کوئی حصہ باقی نہیں رہا۔ اگر اس لیے اگر یہاں اللہ تعالیٰ کے غیر کے لیے کوئی حصہ باقی رہا ہوتا تو اللہ تعالیٰ یہ کبھی نہ فرماتا کہ میں اس کی سمع اور بصر ہو جاتا ہوں (بحوالہ تسکین الخواطر)

اس سے معلوم ہوا کہ اللہ والے لوگ جو ہیں وہ خود نہیں رہتے۔ ان میں صرف ذات حق تعالیٰ ہی باقی ہے داب اولیاء اللہ کے اقوال ملاحظہ ہوں جو خود انہوں نے فرمائے ہیں۔

۲۳ دربیان نفی و اثبات

کس کی نفی کس کا اثبات؟ جب موجود ہے اکو ذات؟

تفسیر شیخ الاکبر محی الدین ابن عربی مطبوعہ مصر ص ۲۲۰ ج ۱ سطر ۳ مطبوعہ نولکشور ص ۵۶۲ ج ۱ سطر ۸ ۔ | فَتَنْتَهِیْ عِبَادَتُكَ بِانْقِضَاءِ وُجُوْدِكَ فَيَكُوْنُ هُوَ الْعَابِدُ وَالْمَعْبُوْدُ جَمِيْعًا لَا غَيْرُهٗ ۔ یعنی آپ کی عبادت نہیں رہے گی آپ کے وجود کے فناہ ہو جانے سے اور وہی عابد اور معبود ہوگا۔ نہ کہ اس کا غیر۔

۲ تفسیر عرائس البیان ص ۲۶۲ ج ۲ سطر ۱۶ مطبوعہ نول کشور | فَصَارَ هُوَ هُوَ اِذْ غَابَ الْفِعْلُ فِی الصِّفَةِ وَ غَابَ الصِّفَةُ فِی الذَّاتِ وَمِنْ هٰهُنَا ادَّعَی الْحَلَّاجُ قَدَّسَ اللّٰهُ رُوْحَهٗ حَيْثُ قَالَ اَنَا الْحَقُّ ۔ یعنی پس وہی وہی (ذات ہی ذات) ہوگیا جب فعل صفت میں اور صفت ذات میں گم ہوگئی۔ اس مقام پر منصور نے انا الحق

کہا ہے۔
اور اسی مقام پر حضرت بلہے شاہ صاحب فرماتے ہیں۔

(۳) قانون عشق ص۲۲۷ ج۲

میں وچہ دیکھاں تے میں نہیں ہوندی میں وچہ دسناں ایں تیں !!
سر توں پیراں تیک بھی توں ہیں تے اندر باہر تیں !!

(۴) تذکرہ غوثیہ ملفوظات حضرت غوث علی شاہ قلندر پانی پتی رح | من نیست گشتم از ہستہائے تو من بیرون رفتم درون شد جائے تو
یعنی میں نیست ونابود یعنی میں ختم ہو گیا ہوں۔ تو ہی رہ گیا ہے۔ میں باہر چلا گیا ہوں۔ اندر صرف تو ہی رہ گیا ہے۔

حضرت ابوالحسن خرقانی رح ۵ مقالات صوفیہ ص۲۶ سطر ۳ حافظ تراب علی مطبوعہ نولکشور | پرسید ند از وے خدا کجا دیدی؟ گفت آنجا کہ خود را ندیدم یعنی ابوالحسن خرقانی رح سے لوگوں نے پوچھا۔ کہ آپ نے خدا تعالیٰ کو کہاں دیکھا؟ فرمایا جہاں مجھے اپنا آپ نہ نظر آیا۔ یعنی مجھے اب اپنا آپ نظر نہیں آتا وہی نظر آتا ہے۔

(۵) حضرت ابوسعید ابوالخیر رح (۶) مقالات صوفیہ ص۸۶ سطر ۶ | گفت ہر جا کہ پنداست تست دوزخ است ہر جا کہ تو نیستی بہشت است وگفت حجاب میان بندہ وخدا آسمان وزمین وعرش وکرسی نیست پنداشت ومنی حجاب است آں را از میان برگیر تا بخدا برسی، یعنی حضرت ابوسعید ابوالخیر رح نے فرمایا کہ تو سمجھ کہ جس جگہ تو ہے۔ وہ دوزخ ہے اور جس جگہ تو نہیں ہے بہشت ہے اور فرمایا خدائے تعالیٰ را اور بندہ کے درمیان آسمان وزمین عرش وکرسی

حجاب نہیں ہے پس تو سمجھ کہ خود ہی حجاب ہوں۔ اگر تو اپنے آپ کو درمیان سے اٹھا دے تو خدا تک پہنچ جائے۔

(۶) حضرت ابو بکر واسطی رح
(۷) مقالات صوفیہ صد ۹۳ سطر ۲ | ہر کہ خود را دید او را اندید۔ ہر کہ او را دید خود را اندید۔ یعنی جس نے اپنے آپ کو دیکھا اُس نے خدا کو نہ دیکھا۔ اور جس نے خدا کو دیکھا۔ اس نے اپنے آپ کو دیکھا۔ اور آگے فرماتے ہیں وازخودش یاد نیاید، آنکس را نہ عبارت بود نہ اشارت نہ زبان نہ چشم۔ نہ حرف نہ صورت نہ فہم نہ خیال نہ شرک اگر عبارت کند کفر بود اگر اشارت کند۔ شر بود،

(۷) ابو بکر شبلی رحمۃ اللہ علیہ

۸۔ مقالات صوفیہ صد ۹۷ سطر ۱۴ گفتند تصوف چیست؟ گفت چناں باش کہ بنودی۔ حضرت ابو بکر شبلی رح سے لوگوں نے پوچھا کہ تصوف کیا ہے؟ تو آپ نے فرمایا۔ کہ تو نہ رہے۔

۸ حضرت بایزید بسطامی رح

۹۔ رسالہ قشیریہ صد ۱۹۴ مطبوعہ مصر عبدالکریم ابن ہوازن قشیری رح | روی عَنْ اَبِی یزید رح۔ اَنَّہٗ قَالَ رَاَیْتُ رَبِّیْ عَزَّ وَجَلَّ فِی الْمَنَامِ فَقُلْتُ کَیْفَ الطَّرِیْقُ اِلَیْكَ فَقَالَ اُتْرُكْ نَفْسَكَ

اور مولنا جامی اس کا ترجمہ یوں فرماتے ہیں۔

۱۰ نفحات الانس فارسی سطر ۱۴ | بایزید رح گفت اللہ تعالیٰ را بخواب دیدم۔ گفتم راہ بتو چوں است؟ گفت از خود بگذشتی،

(۹) حضرت محمود شبستری رح

۱۱۔ شرح دیوان گلشن راز فارسی صـ۹۶ { چوں تو بیروں شدی او اندر آید
بتو بے تو جمال خود نماید۔

یعنی تعین سالک کہ حجاب است بہ خیز و حق ظاہر شود وبے حجاب خودی بدیدہ حق سالک جمال حق بیند۔

۱۲۔ شرح گلشن راز فارسی صـ۱۰۱] چونکہ خالی کرد خود را از خودی
شرح گلشن راز اردو صـ۱۶۱] یافت خود را عین نور ایزدی

یعنی جب تو اپنے آپ کو اپنے آپ سے خالی کر دے گا۔ تو نور خداوندی و ذات خداوندی کو پائے گا۔

(۱۰) حضرت مولنا جامی رح۔

۱۳۔ لوائح جامی صـ۸ مطبوعہ نولکشور لائحہ ہفتم {
رفت او زمیاں ہمیں خدا ماند خدا   الفقر اذا تم ہو اللہ ایں است

یعنی وہ درمیان سے نکل گیا۔ پھر خدا ہی خدا رہ گیا۔ جب فقر اء پورا ہوا پس وہ اللہ ہی ہے۔

۱۱۔ شاہ عبد الرحیم محدث دہلوی رح

۱۴۔ انفاس رحیمیہ فارسی صـ۹ سطر۲] معیت حق تعالیٰ با جمیع ذرات
مطبوعہ مجتبائی دہلی مصنفہ شاہ عبد الرحیم محدث دہلوی] کائنات بحقیقت است ا ھ و
بذات خود با جمیع اشیائے کائنات نہ چنیں معیت است کہ متکلمان گویند و مفہوم

علمائے ظاہر است ۔

۱۵۔ ترجمہ انفاس رحیمیہ اردو ص ۱۶ { حق تعالیٰ کی معیت جملہ ذرات کائنات کے ساتھ ہے ۔ نہ ایسی معیت ہے جیسا کہ متکلمین کہتے ہیں اور مفہوم علمائے ظاہر کا ہے ۔

۱۶ ۔ انفاس رحیمیہ فارسی ص ۲۱ { تو مباش اصلاً کمال انیست وبس ۔ چوں تو بمانی خدا نماند ۔ وبس دریک خانہ دو مہمان نگنجد ۔ یعنی تو نہ رہے اصلی کمال یہی ہے جب تو رہے گا تو خدا نہیں رہے گا ۔ بس ایک گھر میں دو مہمان نہیں سماتے

۱۲۔ حضرت بُو علی شاہ قلندر پانی پتی رح

۱۷ مثنوی بو علی شاہ قلندر رح ص ۱۱

نفی گردان از دل ماخود ماسوا ۔ تا گنجد در دلت غیر از خدا

تو مباش اصلا کمال انیست وبس ۔ تو فرو گم شو وصال انیست وبس

معلوم ہوا کہ جو لوگ اللہ والے ہیں وہ خود نہیں رہتے ۔ ان میں صرف ذات ہی ہوتی ہے ۔ اور ذات ہو کر ہر طرف ذات کو ہی دیکھتے ہیں ۔ آنکھوں والے لوگ ان میں ذات کو ہی دیکھتے ہیں ۔

حضرت پیر مہر علی شاہ رح بھی اس مقام میں یوں فرماتے ہیں

من نیم اوست (میں نہیں ہوں وہی ہے) کو ہر وقت مد نظر رکھنا چاہیئے ۔ لیکن اس طوز پہ کہ کلی توجہ اس طرف ہو "

۴ احضرت نیاز احمد صاحب بریلوی رح

۱۹۔ دیوان نیاز ص ۶۹ مطبوعہ لکھنو ملفوظات مہر ۲۰ رح ص ۱۲۴

قول نیاز بشنو یعنی زخود بیرون شو چون از خودی برآئی باشی خدا رسیدہ

۵ اشاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رح

(۲۰) انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ ص ۱۰۴ مصنفہ شاہ ولی اللہ صاحب دہلوی | وقت اثبات مطلوب با خود داند۔ بلکہ یافت تصور کند بلکہ یقین بداند کہ ہمون اثبات میکند وخود را از میان بکشد ــ یار آمد درمیان ما ز میان بکشد،،

(۲۱) تفسیر روح البیان مطبوعہ مصر ص ۲۹۹ ج ۹ | تو درمیانہ ہیچ نہ ہر چہ ہست اوست ہم خود الست گوید و ہم خود بلا کند

(۲۲) شرح شطحیات شیخ روز بہان بقلی شیرازی صفحہ ۲۲۵ سطر ۱۱ مطبوعہ ایران | میں حضرت حلاج بن منصور کا قول لکھتے ہیں ۔ از خود بیرون رفتم و باز خود نیامد یعنی میں اپنے آپ سے باہر نکل گیا ہوں پھر واپس نہیں آیا ۔

حضرت خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ خواجہ خورد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جن کی کتاب نور وحدت کا ترجمہ سرور وحدت رسالہ اسرار تصوف میں آتا رہا ہے وہ لکھتے ہیں ۔

۲۳ رسالہ اسرار تصوف لاہور ماہ اکتوبر ۱۹۲۴ء | اے سید مقصود یہی ہے کہ دوئی کا وہم مٹ جائے اور آپ نہ رہیں۔ بلکہ وہ

نور وحدت ترجمہ سرِ وحدت | حق رہ جائے تمام اولیاء اللہ اور
صـ ۳۴ سطر ۱۲ | انبیاء کے پاس اس کی بہت دلیلیں
ہیں۔ سب وحدت کے قائل ہیں اور سب پر سب کا اتفاق ہے کہ آسمانی کتابوں حدیثوں اور اولیاء اللہ کے اشاروں میں اس کی بہت سی دلیلیں ہیں سب ایک زبان ہو کر وحدت کے قائل ہوتے ہوئے اس طرف گئے ہیں کہ عالم میں حق کے سوا کوئی اور چیز ہی نہیں۔ عالم بھی وہی ہے اور ظہور بھی وہی ہے۔

(۴۲) رسالہ اسرار تصوف لاہور ماہ اگست ۱۹۲۴ء | اے سید ذکر کا طریقہ یہ ہے لا الٰہ
نور وحدت ترجمہ سرِ وحدت | یہ سمجھے کہ یہ جو کچھ نظر آ رہا ہے کچھ نہیں اور
صـ ۱۰ - ۱۱ | یہ کچھ نہ ہونا ان معنوں میں ہوگا۔ کہ یہ تمام موجودات ذاتی طور پر بالکل ہی
نہیں ہیں۔ یہ نفی ہوئی اب الا اللہ سے ثابت ہوگا۔ یعنی ذات کی وحدت ان چیزوں کی چیزوں سے ظاہر ہے اور آنکھیں اس کو دیکھ رہی ہیں۔ پس چیزیں (درحقیقت) باطن ہیں۔ اور وہ یعنی حق اشیاء (چیزوں کی شکلوں) کے لباس سے ظاہر ہے۔ بلکہ اشیاء کی ظاہری اور باطنی دونوں حالتوں سے حق ظاہر ہے۔ اور اشیاء (چیزوں) میں ظاہر و باطن (حق) کے سوا کوئی چیز نہیں۔ کیونکہ اگر ان شکلوں میں حقیقت اپنا ظہور نہ کرتی تو یہ وجود ہی میں نہ آتی۔ اسی طرح ایک عارف کی نگاہ میں کوئی چیز چیز ہی نہیں رہتی۔ بلکہ حق ہے۔ بلفظہ

اب ان بزرگوں کے اقوال سنئے جو اپنے شیخ کی صورت میں حق تعالیٰ کو دیکھتے ہیں۔

باب ۲۴ - فِی الصُّوْرَۃِ الشَّیْخِ الْکَامِلْ

بشکل شیخ دیدم مصطفٰے را
ندیدم مصطفٰے را بل خدا را

حضرت مولٰنا روم فرماتے ہیں

۱ - پیراہن یوسفی شرح مثنوی] دو ہیں دو مخواں دو مداں
ص ۲۰۹ دفتر ۶ مطبوعہ نول کشور لکھنو] خواجہ را در خواجہ خود محو داں

۲ - شرح مثنوی - ص ۲۰۸ دفتر ۶ - چوں جدا بینی زحق ایں خواجہ را
گم کنی ہم متن وہم دیباچہ را

یعنی نہ دو دیکھ اور نہ دو کہہ اور نہ ہی دو جان۔ خواجہ کو اپنے خواجہ میں فانی سمجھ اور اگر اس خواجہ کو خدا سے جدا دیکھے گا۔ تو متن اور دیباچہ ہی کو گم کر دے گا۔

یعنی - اولیائے کرام جو فنا فی الرسول اور فنا فی اللہ ہوتے ہیں۔ ان میں جمال حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور خدا تعالیٰ کے جمال کا شیخ کی صورت میں ہی مشاہدہ کرتے ہیں۔ اسی مقام کو حضرت مولٰنا روم بیان فرماتے ہیں

۳ - چونکہ ذات پیر را کردی قبول
ہم خدا در ذاتش آمد ہم رسول

پیر دحق را از حولی ہر کہ دو دید
او مرید است درحقیقت نے مرید

یعنی جب تو نے پیر کی ذات کو قبول کر لیا۔ تو اسی کی ذات میں خدا تعالےٰ اور حضور صلی اللہ بھی آ گئے۔ اور جس نے اپنے بھینگے پن سے پیر کامل اور خدا تعالیٰ کو دو دیکھا وہ مرید درحقیقت مرید ہی نہیں ہے اور مثنوی شریف کے دفتر اول میں فرماتے ہیں۔

لے حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب اپنے ملفوظات ص ۸ پر بھی یہ اشعار فرماتے ہیں۔

۴۔ پیراہن یوسفی شرح مثنوی دفتر اوّل صـ ۲۲۹ مطبوعہ نولکشور] تا ترمی بینی عزیزاں را بشر
وانکہ میراث ابلیس است آں نظر
گر نہ فرزند ابلیسی اے عنید
پس بتو میراث آں سگ چوں رسید

(۱) یعنی اگر تو اللہ والوں کو بشر دیکھتا ہے۔ تو تیری یہ نظر میراث ابلیس ہے۔ یعنی شیطان والی نظر ہے۔

۲۔ اے سرکش اگر تو شیطان کا بیٹا نہیں ہے تو اس کتے کی میراث تجھے کیونکر پہنچی ہے۔ یہ ہے حضرت مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ کا عقیدہ اب تم سوچو کہ تمہارا عقیدہ کیسا ہے۔

حضرت مولٰنا گل حسن خلیفہ حضرت غوث علی شاہ قلندری (پانی پتی)

(۵) تعلیم غوثیہ صـ ۲۰۸ سطر ۳ مطبوعہ دہلی اور مطبوعہ کراچی صـ ۲۷۳ سطر ۱] دیدن او ممکن نیست مگر در صورت صاحب کمال کہ انسان کامل ذات او ذات حق است و مظہر کمالات حق است۔

ترجمہ: اس کا دیدار ممکن نہیں ہے۔ مگر صاحب کمال کی صورت میں کیونکہ انسان کامل ذات حق ہے اور حق تعالیٰ کے کمالات کا مظہر ہے۔

بعض بے سمجھ لوگوں کو یہ دھوکا لگ جاتا ہے کہ یہ لوگ پیروں کو خدا مانتے ہیں پیر کو خدا کوئی نہیں کہتا۔ کیونکہ وہ تو رہتے ہی نہیں۔ جیسے پیچھے دربیان نفی اثبات میں لکھا جا چکا ہے۔ ان میں صرف ذات ہی ہوتی ہے وہ ذات کو ہی دیکھتے ہیں۔ کیونکہ ذات کا ہی ظہور ہے۔ وہ ذات صورت میں بھی ظاہر ہے۔ اور بے صورت بھی ہے۔ صاحب نظر دیکھتے ہیں اور احول چشم ان کو بھینگے پن کی وجہ سے ان کو برا بھلا اور کفر و شرک کہتے ہیں۔ اور حضرت خواجہ احمد جام رحمۃ اللہ علیہ بھی

Scanned with CamScanner

اسی مقام پر فرماتے ہیں۔ جو بہت بڑے ولی اللہ ہیں۔ جنہوں کی مشہور کرامت ہے کہ ہاتھی کو زندہ کر دیا تھا۔ جس وجہ سے ان کو زندہ پیل بھی کہا جاتا ہے۔ اور حضرت شیخ حصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

(۶) شرح شطحیات صـ ۵۸۶ سطر ۲ مطبوعہ ایران | مرا دو نظر است بیک
شیخ روز بہان بقلی شیرازی رح | نظر شمارا می بینم و بیک

نظر دیگر شمارا نمی بینم یعنی میری دو نظریں ہیں ایک نظر ہے کہ تم کو دیکھتا ہوں اور دوسری نظر ہے کہ تم کو نہیں دیکھتا ہوں یعنی حق تعالیٰ کو دیکھتا ہے

۳ حضرت خواجہ احمد جام رح

(۶) دیوان حضرت احمد جام صـ ۱۲۱ مطبوعہ نول کشور

ذات حق را من ہویدہ دیدہ ام — من بصورت ذات حق را دیدہ ام
ہر زمانے شکل دیگر مے شود — صورت انساں خدا را دیدہ ام
چو محیطِ جملہ آمد ذاتِ او! — ذاتِ او در آشکارا دیدہ ام!
نیست فرقے خود میاں ما زما — زانکہ موج و بحر دیرا دیدہ ام
آشکارا در ہمہ کون و مکان — صورت ایزد تعالیٰ دیدہ ام

نیست پیدا جز کہ ذاتِ پاکِ او | ذاتِ او در جملہ اشیاء دیدہ ام
سخت پنہاں از ظہور خویشتن | گاہ پنہاں گاہ پیدا دیدہ ام

برلباس ماہ ہویدا احمدؐ است!
ذات احمد را بہ اینجا دیدہ ام!!

۴۔ حضرت خواجہ سلیمان تونسوی اور پیر مہر علی شاہ گولڑوی رح

۷۔ مقالات مرضیہ یعنی ملفوظات مہریہ ملفوظات نمبر ۱۵ صـ ۴ و ملفوظات صـ ۶۶ و صـ ۲۱۶ مطبوعہ گولڑہ شریف

حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب نے فرمایا، ایک دن کسی مولوی صاحب نے حضرت اعلیٰ تونسوی سے پوچھا کہ شعر ذیل میں۔ ہے

چوں مدد پیر مرا گشت یار نیست مرا حاجت آمرزگار

لفظ صحیح آمرزگار ہے یا آموزگار اس اثنا میں عصر کی اذان ہو گئی۔ نماز کے واسطے تشریف لے گئے۔ جب واپس تشریف لائے۔ مولوی مذکور نے پھر عرض کی کہ حضرت اس صورت میں معنیٰ درست نہیں آتے کیونکہ معنی یہ ہوتا ہے۔ مجھے خدا کی حاجت نہیں رہتی البتہ اگر آموزگار ہو تو صحیح ہے کہ آموزگار بمعنی استاد ہے۔ حضرت اعلیٰ جذبہ و جوش کی حالت میں آکر فرمانے لگے جب کہ پیر مظہر اتم ہوا۔ پھر کونسا خدا تیرا باقی رہ گیا۔

(۸) مقالات مرضیہ ملفوظات مہریہ رح [ذات من حیث الاسماء والصفات
ملفوظات نمبر ۱ ص ۲۹ سطر ۵ مطبوعہ گولڑہ] عندالوجودیہ عین عالم ہے بایں
معنی کہ وہی ذات حق سبحانہ وتعالیٰ بطور تنزل ہر تعین میں متعین ہوئی ہے پس صرف
فرق اطلاق وتقید کا ہے یعنی مرتبہ اطلاق میں واجب اور معبود ہے اور درجہ تعین
میں ممکن اور عابد ،،

یہ ہے فرمان حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب رح کا جو انہوں نے صاف فیصلہ
فرما دیا اور فرماتے ہیں ۔

۹ ۔ ملفوظات ص ۱۵ ملفوظ ۲۷ ، ۱ ص ۲۱۳ }

پاک بین از نظر پاک بمنزل رسید — احول ز چشم دو بین در طمع خام فتاد

ترجمہ : پاک بین اپنی پاک نظری سے منزل تک پہنچ گیا ۔ لیکن احول چشم
دو بینی کی وجہ سے خام طمع رہ گیا ۔ یعنی بھینگا دوئی کی وجہ سے طمع خام میں پڑ گیا

۵ حضرت نیاز احمد صاحب بریلوی اور حضرت گولڑوی رح

۱۰ دیوان نیاز احمد ص ۳۲ مطبوعہ نول کشور مطبوعہ لاہور ص ۴۸
ملفوظات مہریہ ص ۵۵ مطبوعہ گولڑہ شریف ۔

از خلق جدا ہستی وہم در ہمہ ہائی ! — از جملہ مبرائی و در جملہ در آئی !
بے نام و نشاں بودی و گنجینہ پنہاں — از مہر شناسائی خود صورت بائی !
بر وحدت ذات است بہرش کثرت شئونات — یک شان تو خلق است و گر شان خدائی
ہم مرشد گل گشتہ بشکل شاہ جیلانی — بر روئے نیاز آئی و ارشاد نمائی

یعنی تو خلق سے جدا بھی ہے ۔ اور سب میں مشہور بھی ہے سب سے مبرا
بھی ہے اور سب میں موجود بھی تو ۔ ایک مخفی خزانہ اور بے نام و نشاں تھا اپنی

شناسائی کے لیے ہماری صورت میں ظہور فرمایا تیری وحدت ذات پر کثرت تعینات بطور عرض ہیں ۔ خدائی اور خلق دونوں تیری شانیں ہیں ۔ اور تو ہی سب کا راہنما ہو کر حضور شاہ جیلانی کی شکل میں نیاز کے سامنے آکر ارشاد فرماتا ہے ۔

یہ ہے عقیدہ حضرت پیر نیاز احمد بریلوی رح اور حضرت پیر سید مہر علی شاہ صاحب رح کا اور حضرت غوث الاعظم رح حضرت امام غزالی رح کا قول اپنی کتاب میں لکھتے ہیں ۔

(۶۔ حضرت امام غزالی رح)

۱۱۔ سرالاسرار ص ۲۲۴ سطر ۶ مصنفہ حضرت غوث الاعظم رح | قَالَ الْاِمَامُ الْغَزَالِیُّ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ یَجُوْزُ

اَنْ یَّرَاٰی رَبَّ تَعَالٰی فِی الْمَنَامِ عَلٰی صُوْرَۃٍ جَمِیْلَۃٍ

ترجمہ : امام غزالی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہے ۔ اللہ تعالیٰ کو خواب میں صورت جمیلہ میں دیکھنا جائز ہے ۔

۷۔ حضرت شیخ روزبہان بقلی شیرازی رح

(۱۲) تفسیر عرائس البیان ص ۱۵ ۔ اسطر ۳ مطبوعہ نول کشور لکھنو ۔ | صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ

لا یرجعون عمی عن رویۃ انوار جمال الحق فی سیماء اولیائہ ۔ یعنی اندھے وہ لوگ ہیں جو اولیاء اللہ کی پیشانی میں حق تعالیٰ کے جمال کے انوار نہیں دیکھتے ۔

۸۔ شیخ اسمٰعیل حقی

(۱۳) تفسیر روح البیان صفحہ ۱ سطر ۲۸ | مطبوعہ استنبول | مَنْ اَرَادَ رُؤْيَةَ جَمَالِهٖ فَلْيَنْظُرْ فِيْ قُلُوْبِ اَوْلِيَائِهٖ۔ یعنی جو اللہ تعالیٰ کے جمال کا دیدار کرنا چاہتا ہے۔ وہ اولیاء اللہ کے دلوں میں دیکھے اور لکھتے ہیں۔

۱۴۔ روح البیان صفحہ ۱ سطر ۳۹ :۔ وَاعْلَمْ اَنَّ الْمُعْتَزِلَةَ اَنْكَرُوْا رُؤْيَةَ اللّٰهِ تَعَالٰى۔ یعنی اور تو جان لے کہ فرقہ معتزلہ ہی اللہ تعالیٰ کے دیدار کا انکار کرتا ہے۔

۱۵۔ تفسیر روح البیان صفحہ ۱ ۳۶ ۔ سطر ۲۲ :۔ وَالْاِنْسَانُ مِرْاٰةُ ذَاتِهٖ وَصِفَاتِهٖ یعنی انسان حق تعالیٰ کی ذات اور صفات کا آئینہ ہے۔

۹۔ حضرت غوث الاعظم رحؒ کا فرمان

(۱۶) سر الاسرار صفحہ ۴۲ سطر ۳ ﴿ يَجُوْزُ رُؤْيَةُ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى فِيْ صُوْرَةِ الْبَشَرِيَّةِ وَالنُّوْرَانِيَّةِ۔

ترجمہ :۔ اللہ تعالیٰ کو بشری اور نورانی صورت میں دیکھنا جائز ہے۔

اب آپ ہی فیصلہ انصاف سے فرما دیں کہ جب غوث پاک عبدالقادر جیلانی محبوب سبحانی رحمۃ اللہ علیہ فرما رہے ہیں۔ کہ صورت بشری میں اللہ تعالیٰ کا دیدار جائز ہے۔ تو پھر تمہیں کیوں شرک کو دپڑتا ہے۔ علامہ اقبال بانگ درا صفحہ ۱۰۰ پر فرماتے ہیں ؎

کھولی ہیں ذوق دید نے آنکھیں تری اگر ہر رہگذر میں نقش کف پائے یار دیکھ

Scanned with CamScanner

اور جب اللہ تعالیٰ بھی اپنی کلام پاک میں فرماتے ہیں کہ فی انفسکم اَفَلا تُبْصِرُوْنَ۔ یعنی بیچ تمہارے نفسوں کے اور کیا تم نہیں دیکھتے؟ اگر کوئی آنکھوں والا دیکھ لے تو تمہیں کیوں آگ لگے۔

۱۰ حضرت بوعلی شاہ قلندر۔ پانی پتیؒ

۱۷ دیوان بوعلی شاہ قلندر مع شرح صفحہ ۲۶

جمالت بود اندر روئے آدم
کہ می بودش شرف بر جملہ عالم
اگر این نقطہ دانستے عزازیل
ہزاراں سجدہ آوردے دمادم
شرف در صورت پاکش عیاں دید
جمال لایزالی را مسلم!

۱۱ حضرت بابا فرید الدین گنج شکر کا فرمان

(۱۸) بوادر النوادر ص ۹۵، ۹۶، سطر ۲۲ آخر مصنفہ مولوی اشرف علی تھانوی۔ مطبوعہ دیوبند
اقتباس الانوار ص ۲۹۰ مجتبائی دہلی

چنانچہ حضرت گنج شکرؒ کے قول میں تصریح ہے کہ "اگر خدا تعالیٰ مرا روز قیامت جمال باکمال خود بصورت پیر من جلوہ خواہد نمود خواہم دید۔ والا نہ چشم بداں سو نخواہم کشود"

ترجمہ: حضرت بابا فرید رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اگر قیامت کے دن خدا تعالیٰ میرے پیر کی صورت کے سوا کسی دوسری صورت میں اپنا جمال باکمال دکھائے گا۔ تو میں اس طرف آنکھ بھی نہ کھولوں گا۔

یہ ہے فرمان حضرت بابا فرید رحمۃ اللہ علیہ کا اور مولوی اشرف علی تھانوی کا جو اپنی کتاب میں لکھ رہے ہیں۔ اب تم انصاف کر لو اور مولوی اشرف

علی صاحب کی زبانی۔ آگے حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کا فیصلہ سن ! خدا کرے کہ تمہارا شرک کا وہم ٹوٹ جائے اور مسلمانوں کو برا بھلا کہنا چھوڑ دو۔

۱۲۔ حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحؒ کا فرمان

۱۹۔ بوادر النوادر ص۷۹۶ ج۔ ۲۔ سطر ۲ مطبوعہ دیوبند مصنفہ مولوی اشرف علی تھانوی
اقتباس الانوار ص۲۹۰ مطبوعہ مجتبائی شیخ محمد اکرم چشتی

حضرت سلطان المشائخ کے قول میں ہے۔
اگر فردا روز باز پرس جمال حق در نظر م پیر من جلوہ خواہد نمود خواہم دید والا نہ روئے ازاں جانب خواہم گردانید،،

اگر روز حساب خدا تعالیٰ کا جمال میرے پیر کی صورت میں ہوگا۔ تو دیکھوں گا ورنہ اس طرف اپنا منہ تک بھی نہ کروں گا۔

معلوم ہوا کہ تمام اولیائے کرام صورت شیخ کامل میں اللہ تعالیٰ کا دیدار کرتے ہیں حالانکہ محبت پیر کی وجہ سے پیر کامل کی ہی صورت میں دیکھ کر خوش ہوتے ہیں دیکھنے والے یار حقیقی کو دیکھ کر خوش ہوتے ہیں اور تم بیچارے جلتے ہو

عارف باللہ علامہ اقبال رحؒ ضرب کلیم ص۔ ۵ میں فرماتے ہیں ؎

بیان میں نقطہ توحید آ تو سکتا ہے
تیرے دماغ میں بتخانہ ہو تو کیا کہیے

۱۳ حضرت شیخ محمد صادق کا فرمان

(۲۰) بوادر النوادر صہ ۹۶، سطر ۲ ۔ مصنفہ مولوی اشرف علی تھانوی] حضرت شیخ محمد صادق رح کے اس قول میں بلکہ رویت حق تعالیٰ ہم اگر بصورت حضرت پیر دستگیر خواہد شد خواہم دید۔ والا نہ آں را نیز نمی خواہم "یعنی بلکہ خدا تعالیٰ کا دیدار بھی اگر حضرت پیر دستگیر کی صورت میں ہوا تو دیکھوں گا۔ ورنہ اسے بالکل نہ چاہوں گا۔ اور مولوی اشرف علی صاحب تھانوی لکھتے ہیں۔

(۲۱) بوادر النوادر صہ ۹۱، سطر، مطبوعہ دیوبند مصنفہ اشرف علی تھانوی
اقتباس الانوار ص ۲۹ تذکرہ شیخ محمد صادق گنگوہی] مع ازیں جا معلوم می شود کہ رویت حق سبحانہ در روز قیامت مر مریدان صادق را جمال حضرت رسالت پناہ و حضرت حق تعالیٰ در آئینہ صورت پیر جلوہ گر است

ترجمہ :- اس جگہ معلوم ہوا۔ کہ قیامت کے دن مریدان صادق کو خدا تعالیٰ کا دیدار ان کے پیر کی صورت میں ہو گا۔ بلکہ اس وقت بھی مریدان صادق کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا جمال اور خدا تعالیٰ کا دیدار پیر کی صورت میں ہوتا ہے۔ اور اس سے آگے اقتباس الانوار میں یوں آتا ہے۔

(۲۲) اقتباس الانوار صت ۲۹ مطبوعہ مجتبائی دہلی شیخ محمد اکرم چشتی رح تذکرہ شیخ محمد صادق گنگوہی رح] ونیز ایں بیان معلوم شد کہ کسانیکہ نسبت وبندگی شیخ کامل ومکمل پیدا نکردہ یا بعد پیدا کردن ایں نسبت بہ اعتقاد شیخ خود ثابت نماندہ اند۔ ہر دو جہاں از رویت محروم اند۔

(مَنْ کَانَ فِیْ هٰذِهٖ اَعْمٰی)

در شان این چنین مردم نازل گشتہ :-

ترجمہ : اور اس بیان سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جن لوگوں نے شیخ کامل مکمل کیساتھ نسبت وبندگی پیدا نہیں کی۔ یا نسبت پیدا کرنے (یعنی مرید ہونے) کے بعد اپنے پیر کامل کے ساتھ یہ اعتقاد نہ رکھا تو دونوں جہاں میں خدا تعالی کے دیدار سے محروم رہیگا۔ اور یہ آیت ومن کان فِیْ هٰذِهٖ اعمٰی یعنی جو یہاں اندھا ہے وہاں بھی اندھا ہوگا ایسے ہی لوگوں کی شان میں نازل ہوئی ہے۔

معلوم ہوا کہ جس کا کوئی پیر نہ ہوگا۔ یا اپنے پیر کامل کے ساتھ اس قسم کا یقین نہ رکھے گا۔ نہ یہاں خدا تعالی کا دیدار ہوگا نہ وہاں۔

۱۴۔ مولوی اشرف علی صاحب تھانوی کا عقیدہ

۲۳۔ بوادر النوادر صفحہ ۹۴ ج ۲ سطر آخر۔ مرید کی نظر میں سب سے احسن اپنے شیخ کی صورت ہوگی جس کی درجہ محبت ہے۔

۲۴۔ بوادر النوادر صفحہ ۹۴ ج ۲ سطر ۷ المطبوعہ دیوبند :- جب سے انسان پیدا کیا گیا ہے۔ اللہ تعالی کی رویت جس کو ہوئی ہے۔ انسان کی صورت میں ہوئی ہے اور آگے لکھتے ہیں۔

۲۵۔ بوادر النوادر صفحہ ۹۶ ج ۲ سطر ۱۰ :- بلکہ حق کی رویت اسی کو کہتے ہیں جو صورت شیخ میں ہو۔ اور اس صورت کے غیر میں جو رویت ہو۔ اس کو رویت ہی نہیں کہتے۔

۱۵- عارف باللہ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ کا فرمان ۔

۲۶- امداد المشتاق ص ۱۳۳ سطر ۲ | اثنائے سبق مثنوی معنوی میں
مصنفہ مولوی اشرف علی تھانوی مطبوعہ تھانہ بھون | فرمایا کہ مثنیٰ میں ایک فقیر

حجاز کا منہ تکتا پھرتا تھا۔ کسی نے پوچھا کہ شاہ صاحب کیا دیکھتے ہیں جواب دیا خدا کو دیکھتا ہوں ! حضرت صاحب نے فرمایا کہ حضرت حق صورت و شکل سے پاک ہے۔ اس کی صورت اگر ہے تو یہی انسان کامل ہے۔

یہ قول و عقیدہ ہے حضرت حاجی امداد اللہ رحمۃ اللہ علیہ کا جو مولوی اشرف علی صاحب تھانوی اپنی کتاب میں لکھتے ہیں۔

۱۶ شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلویؒ کا فرمان

۲۷- انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ ص ۹۲ سطر ۲ مطبوعہ دہلی و مطبوعہ پاکستان ص ۱۰۵ مصنفہ شاہ ولی اللہ صاحب دہلویؒ | صورت مرشد کہ ظاہر دیدہ می شود۔ مشاہدہ حق سبحانہ و تعالیٰ است در پردہ آب و گل۔

ترجمہ: صورت مرشد کہ ظاہر دیکھی جاتی ہے مشاہدہ حق سبحانہ تعالیٰ کا ہے آب و گل کے پردے میں ،،

لوجی اب تو شاہ ولی صاحب۔ دہلویؒ نے بھی صاف طور پر لکھ دیا۔ کہ پیر کی صورت میں خدا کا دیدار ہوتا ہے اور پھر آگے لکھتے ہیں ؎

گر تجلی ذات خواہی صورت انسان ببیں !!

ذات حق را آشکارا اندرو خنداں ببیں !!

۱۷۔ مولوی اسمٰعیل صاحب دہلوی۔

(۲۸) صراط مستقیم فارسی صـ۱۱۰ سطر ۹ مطبوعہ مجتبائی دہلوی مصنفہ مولوی اسمٰعیل دہلوی | چنانکہ یکے از اکابر ایں طریق فرمودہ کہ حق جل وعلا در غیر کسوت مرشد من تجلی فرماید ہر آئینہ مرا باد التفات در کار نیست

